ان من الشعر لحکمۃ

المنۃ للہ کہ ان ایام فرخندہ فرجام مین دیوان فصاحت بنیان بلاغت توامان از تصانیف یار السلطان
آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علیخان بہادر شمس جنگ عرف خواجہ اسعد متخلص بہ قلق دیباچہ فرعیشق مسمی بہ

مظہر عشق

کہ ارشد تلامذہ و اقربا غرہ مہر سپہر سخنوری رشک ظہوری و انوری نکتہ سنج بے نظیر
جناب خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی متخلص بہ وزیر غفر اللہ القدیر سے ہین -

مطبع منشی نول کشور کانپور مین بھگوان دیال ایجنٹ نے چھاپا اور شائع کیا

اطلاع۔ اگرچہ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جس کی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے ملسکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم کرسکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی لیکن خاص اس کتاب کے ٹٹیل پیج کے تین صفحہ جو سادہ ہین اُن بعض کتب کلیات و مثنویات اُردو وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
کلیات ودواوین اُردو		کلیات صنعت۔	۹ر۹ پائی
کلیات ظفر ہر چار جلد کامل۔ دو جلد مین۔	عہ/ ۱۴ر	دیوان شاہ تراب۔	۱۱ر۳ پائی
انتخاب کلیات ظفر۔	۶ر	کلیات نظیر اکبر آبادی۔	۶ر۶ پائی
کلیات مومن۔	۹ر۳ پائی	کلیات وہبی۔ کاغذ سفید چکنا۔	۹ر
دیوان ناسخ۔	۱۲ر۶ پائی	دیوان ذوق۔	۱۴ر۳ پائی
کلیات آتش۔	۸ر	دیوان فدا۔ جلد ثانی مسمّٰی بریاض گلفشان	۷ر
کلیات نعتیہ مجید۔ مصنفہ مولوی عبد المجید خان۔	عہ ر	دیوان رند۔ مسمّٰی بگلدستۂ عشق۔	۶ر۹ پائی
کلیات امیر اللہ تسلیم۔	۱۲ر	دیوان غالب۔ دہلوی۔	بلا وضعات ۱۴ر۶ پائی
کلیات میر تقی۔	عہ ۱۴ر	دیوان خاجہ میر درد۔	۱۴ر
کلیات سودا۔	عہ ۱۴ر	دیوان بہار عرب۔	ار۹ پائی
کلیات انشاء اللہ خان۔	عہ	دیوان لطف۔	۳ر
شاہد عشرت۔	۶ پائی	دیوان امیر۔ موسوم بہ مرآۃ الغیب۔	۱۱ر
سخن شعرا۔	۱۵ر	دیوان غافل۔ منور خان صاحب۔	۱۴ر
زبان ریختہ۔	۶ پائی	دیوان مرغوب بیان تصنیف تجمل حسین خان صاحب	۸ر پ
قطعہ منتخب۔	۳ر۳ پائی	دیوان نیاز۔	۲ر

بعون صانع مکین و فضل خلاق زمین و زمان

از تصانیف یار السلطان آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علیخان بہادر شمیم جنگ عرف خواجہ اسد متخلص بہ قلق دیوان فصاحت بنیان دیباچہ دفتر عشق مسمی بہ

مظہر عشق

۱۹۱۱ء

کہ ارشد تلامذہ و اقرب اعزہ مہر سپہر سخنوری رشک ظہوری و انوری شاعر بے نظیر جناب خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی متخلص بہ وزیر غفر اللہ القدیر سے ہیں

مطبع منشی نولکشور میں بہ طبع مطبوع عین چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در مدح ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان سلطان العالم محمد واجد علی شاہ بادشاہ اودھ اختر نگر غازی خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

زبس ہی جوش نمو از درون خمن رنگ بہار	ترڑپتی ہی رگ گل مثل نبض عاشق زار
ہوا بہار سے ہر اک پتنگ رشک ہزار	نہال شمع بنی شاخ شعلہ لائی بار
زمین ہو دہ ہوئی اندرون باغ بہار	کہ شاخ گاؤ زمین سبز ہو کے لائی بار
نہین صاف ہم آواز گلرخان عاشق	شکست رنگ کی آواز ہی ترانہ یار

درخت آگ کا پیدا ہو گر [illegible] سے جو شرار
یہ فیض باد بہار اندرون ہی عالم مین
پہنا دیا ہی گلون کو لباس آتش کار
بہار سے یہ عنادل سے زور گرمی کی
نہ وہ فرط رطوبت سے موج شبنم چمن
زمین باغ پہ رکھدو جو بیضہ طاؤس
عجب نہین ہی کہ دکھلائے گو بہار چمن
نسیم صبح نہ خوابیدہ کو کرے بیدار
پھنک سے غنچہ اگر مثل طفل نالان ہو
نہ نکلا مہر سے بستان سے شیر صبح بہار
بیاد گلشن عالم ہوا اس قدر [illegible]
بلبت دونون مین ہر آئی فرد بلبل زار
ہزار دست ہی کھیچون سے آتش ان چھایا
انسے ازانی کی ہی کیا چمن دو مین ہزار
چمن مین دیدہ گل نادیدہ کرتی ہی
کہ نکلا خال لبے سے برگ سبز خط یار
کھیون مین قوت نشو و نما کیا عالم

[illegible]

[illegible]

یہ عندلیب کے کہدے کوئی نسیم سے ... | سوار باد ہوئی بوے گل سلیمان وار
چمن میں گر کوئی بید بست و پا کو لے آئے | تو ہاتھ پاؤں میں ہوں پیدا برنگ شاخ چنار
دکھا رہی ہے مسیحا کی طرح سے اعجاز | چمن میں قوت نشو و نماے فصل بہار
نکالے آنکھ جو بالفرض کوئی مجرم کی | یقین ہے پھر وہ نکل آئے چشم نرگس وار
ہزار نکلیں پر و بال سعی نامیہ سے | عجب نہیں ہے جو مرغ کباب ہو طیار
کلیم آئیں چمن میں اگر پے گلگشت | یقین ہے ید بیضا سے نکلے بلبل وار
جو اشرفی ہے گل اشرفی تو زر زر گل | بنی ہے رشک چمن ہر امیر کی سرکار
یہ سعی نامیہ سے ہوتے ہیں ثمر پیدا | کہ قطرے شبنم تر کے ہیں دانہاے انار
زبس ہے قوت نشو و نما عجب کیا ہے | کہ گرمی دانہ سے پیدا اگر ہو شاخ چنار
پڑھوں وہ مطلع رنگین و عاشقانہ اب | ہزار جس کی کرے وصف بلبل گلزار

مطلع ثانی

نہال قد پہ اسکو کرے وہ فصل بہار | بلند ہو قد آدم اگر زمین سے غبار
دکھا رہی ہے یہ حد تمیں کثرت آج بہار | ریاض دہر میں اک ایک گل بنا گلزار

مطلع ثالث

[illegible]

۳ مطلع

[illegible]

ریاض دہر میں کی آپ نے یہ زر بخشی
کہ غنچا کی روش گل بھی ہو گئے زردار

بنی ہے رشک صدف آب فقیر کی کشتی
بھرے ہیں دانہ گندم کی جا در شہوار

چمن ہوا ہے زر گل سے گنج باد آورد
نثار ہے ہر گل اشرفی کو باد بہار

اٹھا کے بار عنایات کو جو چل نہ سکا
اسی سبب سے خمیدہ ہے چرخ کجرفتار

لکھوں صفت میں بھلا کیا عطا بجود کی
شمار ہو نہ سکے جس کا تا بروز شمار

کرم سے شاہ کے ہے جام جم جو کاسۂ فقر
گدا کو شاہ کہا کرتے ہیں صغار و کبار

کرم سے آپ کے ادنی بھی ہو گئے اعلیٰ
بنے ہیں کرمک شب تاب کوکب سیار

گلیم پوش دوشالے بچھا کے سوتے ہیں
جو تھے پیادے وہ اب ہو گئے ہیں خیل سوار

ہوا ہے حکم معلے جو بہر بت شکنی
شکستہ لکھتے ہیں لفظ بتاں کو سب دیندار

جنیو پہنا برہمن نے تو ہلاک ہوا
بنا جنیو کا ہاتھ اسکے واسطے زنار

لب پیالہ ساقی ہے مائل توبہ
صدائے قلقل مینا ہے صاف استغفار

جو آپ حامی دین ہیں تو یہ ہے ہیبت شرع
چھپا ہے دانہ سبحہ میں رشتۂ زنار

جم و سکندر و دارا و قیصر و فغفور
یہ کمترین غلام حضور ہیں دو چار

قصیدہ در مدح ولیعہدی حضرت سلطان عالم و عالمیان خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

چلے جو باد بہاری تو پھولون کے ہار | فلک لٹائے تصدق مین کوکب سیار
بس اب زبانکو روک ای **قلق** ادب کر لوب | کہان تو اور کہان مدح شاہ عرش وقار
خدا کی شان ہی کیا خوب چھوٹا منھ بڑی بات | زبان روک ذرا سن چلکے ترے اشعار
ادا ے شکر کر اب تم کہ فضل سے اپنے | یہ تجھسے ہیچ کو دیا خدا نے وقار
کہ ایسا کامل و ذی مرتبہ ملا استاد | جہان کہ خسرو ملک سخن ہین باج گزار
ترا یہ منھ تھا کہ سلطان عالم و عادل | بنائین سر مبارک سے خود ترے اشعار
خوشا نصیب و خوشا قسمت و خوشا طالع | کہ ہو حضور کے شاگردون ترا بھی شمار
اگر یوہین ہی چنے نگاہ مہر حضور | برنگ مہر چمک جائین گے ترے اشعار
حضور مین جو ارادہ ہو عرض حاجت کا | تو اضطراب یہ بیجا ترا ہی اور بیکار
تو دل مین سوچ تو ایسے سخی سے ور سوال | جہان کہ ابر سخاوت ہی روز گو ہر بار
ہمارے خانۂ امید مین نہ آئے گی | کہان تلک **قلق** اس ابر فیض کی بوچھار
اٹھا کے دست دعا سوے قبلۂ حاجات | دعا مین مانگ یہ لے کہ ای مرے غفار
رواج عشق کا جبتک ہے زمانے مین | جہان مین گرم رہے تا کہ حسن کا بازار

نور مین ہر شجرِ باغ ہو اک فرشی جھاڑ
بزمِ گلزار مین لالے نیکو کنول ہین روشن

جوشِ گل ہی یہ چمن مین خس و خاشاک مین گم
آشیان پھولونسے چھاتا ہی ہر اک مرغِ چمن

بے سبب گل نہین تسخیر ہوے ہین شاید
عندلیبونکے گلے مین ہی دعاے سوسن

ہر سحر کرتی ہی مشاطہ گری بادِ بہار
صرفِ آرایش و تزئین ہین عروسانِ چمن

کیا فقط روغنیِ شمعِ گلِ شبّو ہی
چار سو سرو کے اک شاخ الگ ہین روشن

جس طرف دیکھو ہر اک رنگ مین ہین پیے مست
مد ھیان پھولونکی پہنے ہین جوانانِ چمن

غنچے ہین بلبلون کے ہر شجرِ گلشن پر
شاخونمین جھولنے کو ڈالی ہی عشقے کی رسن

یہ ہوا چلتی ہی جانبخش عجب کیا ہی اگر
مرغِ تصویر بھی پرواز کرے سوے چمن

وا ہوا غنچۂ دل دیکھکے اس موسم مین
بلبلِ طبعِ رسا نے یہ کہا مجھسے سخن

اب ولیعہد بہادر کی لکھو کچھ تعریف
ہو چکی ہو چکی رنگینیِ سخنیِ مشفقِ من

سن کے یہ نکتۂ دلچسپ ہوا جی محظوظ
شاہدِ طبع دکھانے لگا اپنا جوبن

نور آگین کیا اس رنگ کا مطلع موزون
جس سے شرمندہ ہوا مطلعِ صبحِ گلشن

مطلع ثانی

[illegible]

ضیغم بیشۂ جرأت ہی یہ تو رہین کڑے
شیر سے آنکھ ملائے تو جھکائے گردن

ایسے سردار نہ ہم پائین اگر ڈھونڈھا پھرین
چین و روم و ختن و مصر و بدخشان و دمین

خلق مین وضع مین ہمت مین و تمکین ہنوز
کہین دنیا مین عدیل اسکا نہین مشفق من

بانکا پورا ہی ایسا جو کہے منہہ سے کرے
محو دلسے رہے تا حاصل مطلب ہمہ تن

رفقا پرور و طباع و متین و دانا
نکتہ بین و ہمہ دان قدر شناس ہر فن

وہ طبیعت ہی کہ اس فہم و ذکا کے آگے
طفل مکتب ہی ارسطو تو فلاطون کودن

حال ہمت کا بھی اسوقت ہر اک پر کھلجائے
گنج قارون اسے ملجائے اگر خشفق من

گلشن نظم مین چہکے جو ذرا بلبل فکر
طرفہ دکھلائے بہار چمنستان سخن

زیور معنی رنگین سے عروس مضمون
یون سجے بزم مین سجی جاتی ہی جسطرح دولھن

روزمرہ وہ کہا مان گئے اہل زبان
اصطلاحات پہ صدقے ہوئے ارباب سخن

نثر انشا جو کوئی کی تو پروئے موتی
زیب ہی کہیے کہ درج در مضمون ہی دہن

طبع دشوار پسند آئے جو دشواری پر
روح طغرا کی بھی سمجھے نہ ذرا مغز سخن

سہل اس رنگ سے لکھا کہ ہوا مشکل تر
چونک اٹھا بلبل شیراز میان مدفن

[illegible]

کہا یہ قلقل مینا نے مجھ سے مستی مین | پیا نہ ہاتھ سے رکھ رکھ ادب سے مدح حضور
وہ کون یعنی کہ سلطان عالم و عادل | ملک سپاہ فلک قدر گردش فغفور
قوی ضعیف ہوے بسکہ عہد سلطانی مین | بنائے باز کے چنگل مین آشیان عصفور
اگر پتنگ کا دھوکے سے ایک پر جلجاے | تو اڑے خوف کے محفل سے شمع ہو کافور
کرم سے اپنے جسے چاہین تاج بخش کرین | پڑے جو سایہ بنے صورت ہما عصفور
نگاہ مہر عنایت سے رتبہ افزون ہو | جہان مین ذرہ ہر اک آفتاب ہو مشہور
جو آستین سے باہر ہو دست گوہر بار | وہین غبار یتیمی رخ گہر سے ہو دور
کرم سے شہ کے گدا بھی ہے شاہ کہلاتا | کہ پانون توڑ کے بیٹھا تو ہو گیا تیمور
اٹھا کے ہاتھ دعا مانگتا ہے قلق جو لیے | دکھایا صبح اجابت نے چہرۂ پرنور
خدا کے فضل سے تا ہے در اجابت باز | دعا قبول کرے جب تلک کہ رب غفور
رہے زمین پہ جب تک کہ آسمان قائم | ہمیشہ ماہ کو تا آفتاب بخشے نور
ہمارا شاہ شہنشاہ ہفت کشور ہو | رکاب چومے صد ارواح قیصر و فغفور

در تہنیت عید الضحیٰ

اقدام پہ اک شاہ کے ہر دم جھکا ہے
گلچین باغ عیش ہمیشہ یہ حضور
دامن گل مراد و دلی سے بھرا ہے

مطلع ثانی

[illegible]

دل کا نون کا ... بلبل کی طرح [illegible]

سرورش

[illegible]

گردش سے چشم مست شہ خوش نگاہ کی
دل دلبرون کا صورت سر مہ پسا رہے

سودا افزون ہوا الفت مژگان شاہ کا
کھٹکا یہ میرے گلشن دل مین لگا رہے

اہ ظل حق ہما کی سعادت ہو وہ اگر
محتاج کسب سایہ نعلین کا رہے

حاتم کی روح کی یہ صدا ہی کہ ای کریم
تاحشر اس سخی کا در فیض وا رہے

بادام چشم وسیب زنخدان حضور کا
عاشق کے درد دل کی ہمیشہ دوا رہے

اس نونہال باغ تمنائے خلق کی
ہر دم ریاض دہر مین نشو و نما رہے

یارب نہال عیش شہنشاہ کا مرے
گلزار روزگار مین پھولا پھلا رہے

نیسان کی طرح دامن امید خلق پر
دُربار ابر رحمت و جود و سخا رہے

بھرتی ہی میرے آگے ہوا خواہیو نکا دم
یا مین ہی اس چمن مین رہون یا صبا رہے

بوسہ اگر ملے لب میگون کا آپ کے
بنت عنب کو ہوش نہ باقی ذرا رہے

دریا دلی شہ کا بڑھے روز اوج موج
جوش و خروش قلزم جود و عطا رہے

سونگھے کبھی جو نکہت زلف حضور کو
ہر دم دماغ سنبل گلشن بسا رہے

لین اس گل عذار سے گل دام رنگ و بو
طوطی خط سبز سدا بولتا رہے

[illegible]

کہ نوبت چھڑی اور گل کاری کی تھی
عجب چال باد بہاری کی تھی
شگفتہ دل مدعا ہو گئی
[illegible]
گلستان کو یاد بہاری چلی
[illegible]
اٹھاؤن عنان کمیت قلم
[illegible] یاد بہاری مبارک

در تہنیت عید

خدیو جہان شاہ عالم پناہ
شہ با وقار و فلک بارگاہ
بہار گلستان ہندوستان
جہان پرور و جان ہندوستان
مہ برج شوکت دُرِ دُرج جاہ
گل باغ اقبال خاقان کلاہ
فریدون وقار و سلیمان حشم
ہمایون سریر [illegible]

[illegible]

رکاب سعادت مین کچھ کچھ خواص — چپ و راست چارون غلامان خاص
قلق اور برق و بتول و اسیر — کہ جن کا نہین چار حد مین نظیر
سلیمان سوار ہوا دار تھا — جلو ریز ہر ایک ہوادار تھا
کہین مجمع خوبرویان شہر — چنندہ جو تھے سب مین اور جان شہر
تماشائیون کا وہ ہر سو ہجوم — وہ چارون طرف آمد آمد کی دھوم
زہے حسن سلطان عالم پناہ — ٹھہرتی نہ تھی جس پہ ہرگز نگاہ
سمن بو صنوبر قد و گلبدن — وہ زیب بدن سوسنی پیرہن
نیا رنگ پوشاک لائی قلق — بہار گل سوسن آئی قلق
وہ چتون کہ غارت گر جان و دل — وہ آنکھین کہ نرگس بھی جنسے خجل
وہ تیور کہ شیرون کا زہرہ ہو آب — وہ صولت کہ تھرلے افراسیاب
پے عاشقان قبلہ و کج کلاہ — ستانون سے افزون وہ ترچھی نگاہ
جو کی تیغ ابرو سے سلطان کی دید — حسین ہو گئے کربلا مین شہید
الٰہی سلامت رہین تا ابد — نہ پہونچے قیامت تلک چشم بد

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(ردیف الف)

تو وہ خورشید ہی گردون یکتائی و وحدت کا
دو عالم ایک مطلع ہی ترے دیوان قدرت کا

عوض طاعت کے یہ عاصی نہین مشتاق جنت کا
مجھے منظور ہی احسان لینا تیری رحمت کا

ہمیشہ رند مشرب دم ترا بھرتے رہین ساقی
رہے آباد مجمع اس خرابات محبت کا

گنہگار روز پرسش عرض گستاخانہ اتنی تو
گنہگاری کا باعث تھا وہ بھی سایہ تیری رحمت کا

تو وہ ہی نخلبند گلشن ایجاد ای صانع
ریاض دہر گلدستہ ہی تیرے باغ صنعت کا

کریگا حشر مین ہم عاصیونکو سرخرو تو ہی
ترے محبوب نے بیڑا اٹھایا ہی شفاعت کا

ریاض دہر مین سب تیری یکتائی کے شاہد ہین
ہر اک شمشاد پر عالم ہی انگشت شہادت کا

کلیم عیش ۱۱

کہیں کام آیا داغ آخر غریبی الفت کا
کہا اس مہر سے ہم کو جبا دو قصر جنت کا
ازل سے ہو نہیں کثرت پہ حسن و ملاحت کا
ملک جو چھوٹا ہے میں نے زخم و لیم شور الفت کا
تو وہ ہی برق ابر مہر الطاف و شفاعت کا
اسے جو ہو گا گرم ہنگامہ قیامت کا
شبیہ پاک احمد زینت اور نگ عالم ہے
کرو وہ نقش اول خامہ بہزاد قدرت کا
گل عارض اگر رنگ بہار آفرینش ہے
ترا سیب ذقن ... نخل باغ قدرت کا

تو اپنے نقد طاعت پر غرور اتنا نہ کر زاہد	نہیں ہے قاضی وزجہ اشتاق رشوت کا
وہ کم مایہ ہو نہیں روز جزا مرغ عمل میرا	بنے گا صید شاہین ترازوے قیامت کا
اڑا کرتا ہے جو شرم سیہ کاری سے بے پر ہو	مرا رخ آشیان ہے طائر رنگ ندامت کا
اگر ہو جاے تقف فریقے سے تو توکل کے	مزا ہو سوکھے ٹکڑوں نہیں بھی پیدا نان نعمت کا
نہیں جز انفعال جرم کچھ پاس مال دنیا سے	ہمارے بعد وارث پاینگے ترکہ ندامت کا
عرق نے انفعال جرم کے طوفان اٹھائے ہیں	فلک بھی ایک شیشہ ہے مرے آب خجالت کا
عجب کیا اگر ہو جوش انفعال جرم اسد تجھ کو	ڈبو دے کشتی تن کو مرے دریا ندامت کا
ہری ہو جاے گی کشت امید معصیت اکثر	اگر پڑ جائیگا چھینٹا کوئی باران رحمت کا
عجب کیا ہو وہ شاداب ہو مسند رب رحمت سے	جو کشت توبہ میں تو بوے تخم اشک ندامت کا
طمع بھی کیا بری شے ہے کہ مثل ماہ چند ہی میں	گھٹا دیتا ہے عزت کو بڑھانا دست حاجت کا
رہونگا جلوہ دیدار سے بیخود قیامت تک	کیا ماہ تجلی نے کتان ملبوس طاقت کا

قلق دیو طمع کو اک نہ اک دن ہم پچھاڑینگے
ہمیں ہے آزمانا زور بازوے قناعت کا

مطلع [illegible] ۱۲

عجب کیا ہو جو اس پر فخر ہو دین و ملت کا
کہ ہے وہ آب و گل جس سے بنایا ان کی صورت کا
زبان کے کیا جو ... خاتم شریعت کا
عجب کیا ہو نہ جب کہ ان کی ... عدالت کا
... ایمان ... بیا جو ... شریعت کا

۱۶

بند ۱۳

ہوا سجود افلاک آستانہ کسکا جز تیرے — فرشتہ کونسے در پر ہوا محتاج اجازت کا

نہان ہو میسے اُسکے ہی یہ رمز زینت افروزی — ترا سایہ بنا ہی سُرمہ چشم حورِ جنت کا

لیا عہد نجات نار حق سے وقت رحلت بھی — ہوا کوئی نبی الیسانہ دلسوز اپنی اُمت کا

کرو نگا زیر تیری ہیڑی سے نفس سرکش کو — ہی نقش پائے اقدس یکہ بازوے حمایت کا

کھینچنگی دیکھکر نقش قدم کو آپکے حورین — ستارہ اجکل جمکا ہوا ہی صبح جنت کا

دعائے مغفرت کی اسلیئے تا زیست روز و کر — بہت تھا پاس اُسکو آبروریزی اُمت کا

میں اُسکی خاک پا کو طوطیائے چشم کرتا ہون — نظر آتا ہی جسدم کوئی زایر تیری تربت کا

عطا کس پیار سے فرمایا مرحومہ خطاب اُسکو — خدا نے مرتبہ ایسا کیا ہی کسکی اُمت کا

زمین بوسی درگاہ معلی کا شرف دیکھو — فلک کو مرتبہ حاصل ہو اُکس اوج ورفعت کا

قلق یہ آرزو ہی چشم مشتاق زیارت کو
کہ ہو مرغ نگہ پروانہ اُس کی شمع تربت کا

ہوا آغاز و انجام اسطرح سے نظم خلقت کا — نبی مقطع رسالت کا علی مطلع امامت کا

ہوا بیت الحرم مشرق ترے نور حلاوت کا — تو ہی مصراع اول مطلع صبح امامت کا

[illegible]

نگین کی آبرو بس نام کے باعث سے ہوتی ہے
زمین سے تا فلک روشن ہے قدر و منزلت اسکی

کبھی انداز سے خورشید کے رعشہ نہیں جاتا
ترا کب فخر امامت سے ہو تو ہی فخر امامت کا

بلا شک شیر اعظم علی ہی برج عظمت کا
اثر باقی ہی ابتک شیر حق کے رعب و صولت کا

مقرر میرا شمع بزم دین تشریف لائے گا
قلق مجکو نہین ہی خوف تاریکی تربت کا

رگ و پے مین بھرا ہی میرے شور اسکی محبت کا
بنا نیسے مرے بگڑا یہ نگ انکی طبیعت کا

خریداری جنس حسن پر رغبت دلاتا ہی
صدائے آہ ہی مضراب غم کی چھیڑ سے پیدا

جو وقت قتل اسکے لعل شیرین کا پڑا پرتو
ہوا یہ دل نہ جب میرا تو پھر کیا اور کا ہوگا

زمانے کو تو میرے واسطے ان سب نے چھوڑا ہی
عبث آسودگان خاک کو بدخواب کرتے ہو

نمک پروردہ ہون یار کے حسن و ملاحت کا
ابھی سے ہی پریزادو نکو دعوے آدمیت کا

بنا ہی شوق دل دلال بازار محبت کا
دل نالان نیا پردہ ہی قانون محبت کا

پلایا آب تیغ یار نے شربت شہادت کا
بھروسہ کیجیو تم بھی نہ ایسے بیمروت کا

نہون کسطرح مین ممنون درد و رنج و محنت کا
ابھی سے کیون مچا رکھا ہی ہنگامہ قیامت کا

[illegible]

افسوس کچھ نہ میری رہائی کا ڈھب ہوا

قفس سے ادھر مین جان طلب ہوا

کھلا ہی آبیاری کشتِ غم سے سینے مین	مرے گلشن مین لالہ نام ہی داغِ محبت کا
وفورِ ضعف ہی فرقت کی شب کیا چین سے سودن	تنِ لاغر مرا تنکا ہی چشمِ خواب راحت کا
مرے ابرو کمانکے عشق نے یہ نام رکھوائے	دلِ ناشاد تو دابن گیا تیرِ ملامت کا
سوائے شورِ قلقل مست کب سنتے ہین واعظ کی	بھرا ہی پنبہ مینا سے پرہ گوشِ غفلت کا
وہ دیوانہ ہون جسکے پاؤنمین جب بیڑیان ڈالین	تو کوہ قاف مین کوندا گیا پریون نے منت کا
بتاتے سامری کو سحر برسون نرگسِ جادو	ترے ہونٹھون سے عیسیٰ سیکھ لین پیشہ طبابت کا
غنی ہونے پہ بھی عیبِ طمع جاتا نہین ہرگز	دلِ اہلِ ہوس پیوند ہی دامانِ دولت کا
ہوا ہی تنگ ہنسنا یادِ رخ مین باعثِ تزئین	لگا ہی خانۂ دل مین مرے آئینہ حیرت کا
دلِ شیدا مین جب اُس حور وش کا دھیان آویگا	تو ہر اک چاک جگر ہوگا دریچہ قصرِ جنت کا
بجائے فاتحہ ہر دم وہ یہ آ آکے کہتے ہین ق	ہماری قبر پر تعویذ ہی سنگِ ملامت کا

قلق ملتا ہی لطفِ حق پرستی بت پرستی مین
نہین عشقِ مجازی کام ہر اک بے حقیقت کا

تھا قصد قتلِ غیر مگر مین طلب ہوا	جلاد مہربان ہوا کیا سبب ہوا

۱۵ نظمِ عشق

رخصت طلب ہوا

شادی شبِ وصال کی ماتم ہوئی

رخصت طلب ہوا

کیا جانین وصف

بہشت کا

خلوت ناز بتان مین کب گذر ہو آہ کا
ہے نیازی حاجب بزم مزاج حسن ہی
آجتک فیصل ہوا جھگڑا کتان و ماہ کا
کیا دل صد چاک کو اس سر نغم آئے قرار
جب کیا نغم جو تین مین سے لا الہ اللہ کا
جاگ اُٹھے خواب عدم سے خفتگان زیر خاک
کیا مزا دل توڑ کر ایک بندہ اللہ کا
جو ترے پیرا غبار سے کی تخت گوئی ادھم تو
عالم لاہوت ہی صحن اسکی بازی گاہ کا
کیون نہ ہو سالک پہونچا وان فنا فی اللہ ہو

گرا ہی بتو تمھاری کرامات دیکھ لے	شیخ محرم مرید ہو پیر کنشت کا
خورشید روز حشر بنے صورت جل	سایہ اگر پڑے دل ظلمت سرشت کا
آیا نہ دام مین ترا دیوانہ ای پری	کوئی چلا فریب نہ حور بہشت کا
پامال ہو گئے یار کی رفتار ناز سے	مضمون کھلا یہ آج خط سر نوشت کا
سنگ ستم سے ٹوٹا دل اس بادہ خوار کا	اُٹھا نہ بوجھ اپنے سر خم سے خشت کا
یاد فروغ رخ تری ای غیرت قمر	ہو نور دیدہ دل ظلمت سرشت کا
دیکھا وہان بھی تجکو جو پہنے ہوے حریر	زاہد اُتار لونگا مین حلہ بہشت کا
مجھسے سیہ کار کا ہنگام باز پرس	ق کاغذ کرینگے پیش جو اعمال زشت کا
اتنا کہونگا کاتب اعمال سے ضرور	کیجیے مقابلہ تو خط سر نوشت کا

شیدا قلق ہین ایک بت شمع رو پہم
پروانہ اپنا دل ہی چراغ کنشت کا

تیغ دیوان مین ہی سو دن مصحف پاک اللہ کا	آشیان ہر دائرہ ہی مرغ بسم اللہ کا
مرتبہ ہی یہ ترے دیوانہ ذیجاہ کا	کشور وحشت مین ہی ہمراہ ڈنکا آہ کا

۱۶

ہر ورق فلک بھی اک گھر دیکھ گئے کھیل ہی
بوجھا ستخاک گرد سے گئے باز بیگاہ کا
جو ہجر دوزخ مین سمایا اسقدر عشق ذقن
جب دو جہان ہمارے عناصر سے بنا اس چاہ کا
بگیا بید ان سنگ صحن سب درگاہ کا
یاد مین اک نور آگین سے یہ جلتا ہی جگر
شمع آہ کا

جب اُٹھایا ہاتھ پایا پر جنگ قدر دعا
دیکھو جو رضوان ہو دوست دعا باب اجابت گاہ کا
دیکھیے ایک بوسہ دیکھیے لب سے خدا کی راہ کا
دیدہ بت کا اثر سودا ہو جو ہو تو جب
ای بت نادے ری ای ہی دل میرا حس دیا کا
دال و دل سادی ای ہی کیا دل شمع قمر کا
جلیہ ساری اک جور اپنی تیغ نظر سے ای شہادت گاہ کا
گشتہ ہین اک جور نام ہی اپنی عشق و ذقن کی نہاد اس چاہ کا
حسن جنت نامہ آشنا ان سے کیون ہست مگر کا
کہیے ابرو دین خرمن نیستان مین عشق شمع و راہ کا
اپنی جب ساقی دیوانہ جادہ راہ کا
عشق تیغ مژگان وحشت مین ہی جادہ راہ کا
جب ساقی در جانان سے پایا ہو جو غم
دے رہا ہی نشا جبین ماہ کا
کرم جبین ناب عدم کے رہیو فاعل عشق کا
بھی شیرین ہی یان رہرو کو مکہ راہ کا

سرطوان

کرطواف اپنے دلِ مجروح بتان کا تو اگر
ہو ثواب اس بتکدہ مین حج بیت اللہ کا

مجروحِ مژگان ہین بہت نازک مزاج اے دشت شوق
آبلون سے ناز اٹھیگا بس خار راہ کا

آتش عشق اس تن لاغر کی دشمن کیون نہو
روز اول سے عدو شعلہ ہی برگ کاہ کا

مردہ دل مخمور کو جانبخش ہی عیسی کیطرح
قلقل مینا ہی نعرہ قم باذن اللہ کا

اپنے قاتل کی ہین آمد سنکے بسمل ہو گیا
غل ہوا در پر جو بسم اللہ بسم اللہ کا

گنتی کے بوسے جو دیکر ہونٹھ کاٹا سمجھے ہم
وہ بھی بٹا کاٹ لیتے ہین تنخواہ کا

عرض شوق قتل کی جرأت نہین پڑتی مجھے
رعب قاتل سا نہوگا رعب نادر شاہ کا

تخت گردن مین پر گر پڑا اشکو نکے ساتھ
ہو گیا ٹھنڈا یہ سیپارہ کلام اللہ کا

آنکھین ہین آشوب عالم ہر بلا زلف سیاہ
فتنۂ محشر لقب ہی قامتِ کوتاہ کا

کسقدر اندھیر ہی اُس ماہ کی سرکار مین
روز ہوتا ہی تنزل اک ترقی خواہ کا

عشق خط مین لاغر ایسا ہون کہ مجکو ہی قلق
کو دسے بھی ہی زیادہ بوجھ برگِ کاہ کا

خضر ہی اپنا قاتل بجہ عشق مجازی کا
ہی موجِ بحرِ رحمت نام اُس تیغ حجازی کا

مطلع ۱۷ مشق

وحشت سے عیب مستی عصیان دھلکے مرے
ہر داغ دل کے جام کا سرپوش ہوگیا

رخصت مین گفتگو جو شب وصل اُسنے کی
شمع سحر کی طرح مین خاموش ہوگیا

جھک کر ملے جو عید کو اُس شاہ سے
ہالہ ہمارا حلقۂ آغوش ہوگیا

کیونکر ملائے آنکھ کہ کیفیتِ شراب حسن
ساقی کے جام چشم کا سرپوش ہوگیا

اُلفت مین چشم مست کے خود رفتہ دل ہوا
کم ظرف ایک جام مین بیہوش ہوگیا

زاہد جو داغ بڑھ گئے سودائے زلف کے
کعبہ ہمارے دل کا سیہ پوش ہوگیا

خط شعاع موج خرام آپ کی بنی
خورشید ہر ستارۂ پا بوش ہوگیا

قاتل نے سر اُتارا تقاضے سے ہوکے تنگ
گِر اُسے گران مین سبکدوش ہوگیا

کی زیب کفش نعوجو مین جان اُسمین آگئی
وہ پاؤن روح قالبِ پاپوش ہوگیا

جوبن نکالا یار نے دل غش ہوا مرا
اُسنے سنبھالا ہوش مین بیہوش ہوگیا

نزمین کے وقت دیکھکے نور عذار صاف
خجلت سے گھر مین آئنہ روپوش ہوگیا

تیغ نگاہ قاتل خونین کی سُنکے دھاک
آئینہ جوہرون سے زرہ پوش ہوگیا

باندھی ہوا یہ چرب زبانی نے یار کی
شب کو چراغ بزم بھی خاموش ہوگیا

قطعہ ۱۹

جگہ عشق خال گوشۂ ابرو لے بیٹھا ہی — سویدا بن گیا ہی سنگ اسود کعبۂ دل کا

یہ ثابت ہی مری لیلی کے سیارے بھی مجنون مین — نہین ہی ہالہ یہ مہ مین ہی حلقہ سلاسل کا

وہ مجنون ہین پس مرگ آئے وہ تو رشک کے مارے — غبار اٹھکر بنے پردہ مری محمل کے محمل کا

نہ کر حسن دو ہفتہ پر غرور اے ساقی مہوش — چھلک جاتا ہی اک ہی شب مین ساغر ماہ کامل کا

قلق ہوتی ہی آسانی سے جانبازونکی حل مشکل
حقیقت مین بہت ہی دم غنیمت تیغ قاتل کا

فسونگر حسن عارض ہی مرے نہرہ شمائل کا — گمان خط زنخدان پر ہی دود چاہ بابل کا

نہین کم ظلم سے لہو لعب بھی میرے قاتل کا — ہوا کرتا ہی جیسا اسکے گھر مین رقص بسمل کا

اٹھایا جب دوئی کا اتحاد عشق نے پردہ — تو عالم چشم مجنون مین ہوا لیلی کے محمل کا

شبیہ اس کشتۂ دیدار کی تو کھینچنا اے سپہر — مصور گر ورق پا تا بیاض چشم بسمل کا

دم قتل اسکی بے آبی نے میری آبرو رکھ لی — نہ مین شرمندۂ احسان ہوا شمشیر قاتل کا

نہ کیونکر بازی طفلانہ قاتل یہ دم بھر کے — ہوا ہی یک کھیل اسکو تماشا رقص بسمل کا

بڑا جھگڑا کا کمند لف کا ابکی اٹھایا ہو — بہت مشکل ہی بچنا ان بلاؤں سے اب مرے دل کا

٢٠

گھل گھل کے شمع بزم جو یون ہوتی ہی تمام	پرچھاوان پڑ گیا ہی کسی دلگداز کا
لی ضعف اور یونسے مری نازنین نے جان	انداز نے بھی ساتھ دیا اُنکے ناز کا
اُس نے ہر وقت غم کے گانے مین سنھ اگنی دکھائے	حائل اگر نہیچ مین پردہ ہو ساز کا
اظہار عشق رنگ رخ زرد نے کیا	بندے پہ اہتمام ہی افشاے راز کا
ہو گی قضا ہے عمر بی دراپنی تیر تیغ	آیا ہی آج وقت ہماری نماز کا
مرغان دلکی کشمکش اس دام مین رہے	کوتاہ حوصلہ نہو زلف دراز کا
نالان ہی ایک طفل مغنی کے ہاتھ سے	دامان دل بھی کیا کوئی پردہ ہی ساز کا
کیا کیا کھیے ہین شوخ تلون مزاج خلق	نیرنگ دیکھتی ہی مرے رنگ ساز کا
بحر جہان مین اپنی بقا ہی حباب وار	ہی نقش آب نام ہمارے جہاز کا
عیسی و خضر بھرتے ہین دم نیست کا عبث	دیکھا ہی نہین ہی منھ تری شمشیر ناز کا
مخصوص یار غمزہ و عشوہ ہی کچھ نہین	رکھتا ہی اُس سے ناز بھی دعوی نیاز کا
عشق بتان سے نزع مین توبہ کا دھیان ہی	ہنگام احتضار ہی وقت احتراز کا
پیدا تو کوئی اتنی حقیقت کرے قلق	دعوے کچھ ایسا سہل ہی عشق مجاز کا

ساقیا تھوڑی سی مے دے اب نہین کچھ سوجھتا
روئے میرے رونے پر جیسے بھی ہین دھوئین اسیر
اُس شہ خوبی کے داغ عشق سے خالی ہے کون
حلقۂ گیسو کو اُسکے پھانسنا منظور ہے
دل کیا آباد ہمنے داغہائے عشق سے
بت پرستی چھوڑ کر اب حق پرستی کیجیے
وقت میخواری جو وہ صیاد یاد آیا مجھے

اسطرح بے نشہ کی عینک سے چھوٹن خط جام کا
چشم گریان بنگیا ہر ایک حلقہ دام کا
ہاتھ دلمین سکہ جاری ہے اُسیکے نام کا
پڑ رہا ہے ڈورا مرغ دل پہ چشم دام کا
گنج ڈالا اس خزانے مین تھلکے نام کا
ہانپنے کہنا کہا تنگ نفس قر جام کا
پڑ گیا پھندا گلے مین موج مے کے دام کا

سوز غم سے اے قلق رونا مجھے یاد آ گیا
آہ جب ٹپکا کوئی آنسو کباب جام کا

بار بار رونے سے ہمیشہ اُس بت چالاک کا
کیا مہک ہے بس گیا سارا مکان ہے گلبدن
سانتا ہے ہین جا بسے مسکینی کے رات دن
عشق مین یہ جو دیہ ہوئین دونون برابر ہین مجھے

سرمۂ چشم ستم مین ہو یارب ہماری خاک کا
غنچہ چٹکا یا کھلا بقچہ تری پوشاک کا
سائبان کمر مین ہو بھی الست تاک کا
شام وصلت کی خوشی غم صبح وحشتناک کا

۲۱ عشق

غزل ۲۲

ابر مین چھپا ہے سبب جو یہ پکب جاتے ہو روز
تم بھی چھینٹا کھا گئے شاید کسی بیباک کا

الجھرے اُلجھتے ہین کیا کیا ای قلق حمام مین
یار پر میل طبیعت دیکھ کر دلّاک کا

ہے وہ مسکن آپ کے دیوانۂ بیباک کا
اک بگولا ہے فلک جس دشت وحشت ناک کا

مٹ گئے پھر بھی ہے باقی شوق دید روے یار
چشم پر حسرت ہے ہر ذرہ ہماری خاک کا

سچ تو ہے نشہ مین کیا ہی سوجھتی ہے دور کی
ماہ پر دھوکھا ہوا خشت خم افلاک کا

دشت غم مین رات دن رہتا ہے کیون چکر مجھے
کیا مین چکر رہا ہون مہد گردش افلاک کا

اوج پر اسدرجہ سیلاب سرشک گرم ہے
برق اک موج ہے بحر اشک آتشناک کا

ساقیا گلگشت مین بھی ہے ادب مدنظر
پھول آنکھون سے اُٹھا لیتا ہون نخل تاک کا

خال کا بوسہ دیا تو چشم میگون پھیر لی
نشا اُترا مُی کا نشا چڑھ گیا تریاک کا

دیکھکر جانبازون کا مجمع سہتاد نگاہ مین
حسرت دل تک رہی ہے منہ بت سفاک کا

زور دکھلایا اثر جذب دل نخچیر نے
بڑھ گیا حلقہ کمند آسا تری فتراک کا

دیکھنا کیا فیض صحبت ہے لب جانبخش کا
نام ہے جوہر حیات اُس شوخ کی مسواک کا

یہ تمنا ہی لب جانبخش ہو گر کوئی تیر	لون دہانِ زخم سے بوسہ لبِ سوفار کا
روکے جب و نے سے جھانکا ہی پری مین ہنس کر ام	کیا اثر دیوار مین ہی قہقہہ دیوار کا
خون سے تر ہر دم رہا کرتا ہی او خونریز خلق	زخم دامن دار کیا رومال ہی تلوار کا

رات دن کن گردشون مین اپنی کٹتے ہین فلق
انقلابِ دہر ہی پھرنا نگاہ یار کا

گر پڑی بجلی تو ذکر آیا ترے رخسار کا	چل گئی تلوار جب چرچا کیا رفتار کا
بل جو پڑ جائے سراسر نقص ہی تلوار کا	حسن ہی تیوری سے افزون ابروِ خمدار کا
حکم جنت مین تو جانیکا نہین شیطانکو	کوے جانا ہمین ہی یا رب دخل کیون اغیار کا
تیغ عریان پر پڑا جو اُس دُرِ دندان کا عکس	موجۂ آب گہر جوہر بنا تلوار کا
ہڈیون سے میری نفرت تھی ہما سے تیغ کو	استخوان تک پہونچی جب منھ پھر گیا تلوار کا
اسلیے ہر دم عرق افشان جبینِ یار ہی	تا بھڑک جائے نہ شعلہ آتشِ رخسار کا
او شکر لب تل عرق آلودہ عارض پر نہین	پی رہا ہی رس شکر خوار اگلِ رخسار کا
جو خریداری کو آیا جل گیا ہی برقِ حسن	آجکل شہرہ ہی تیری گرمیِ بازار کا

۲۳

شب کو کہتے ہین اُسے ماہ تو دنکو خورشید
اُنکے شرمانیسے ظاہر ہوا عشق پنہان
کی ہی جس مُنھ سے صفت اُس سے بُرا کیا کہیے

روز نیرنگ یہ دکھلاتا ہی نقشا اُن کا
اسقدر پردہ کیا کھل گیا پردا اُن کا
دہن زخم سے کچھ کیجیے شکوا اُن کا

اے قلق گو نہ کہین ملین سمجھتے ہین وہ خوب
میری اُلفت سے ہوا خلق مین شہرا اُن کا

وصل سے افزون مین شیدا ہو گیا
مر گئے تو مٹ گیا وہ شور و شر
رہتی ہی دل مین کرے یادِ بتان
مر گیا سُن کر صدا قلقل کی مین
ہون وہ مجرم جب اُٹھائے مین نے ہاتھ
بندۂ درگاہ کو کر کے شہید
اہل دنیا بھولے ہین اللہ کو
او شکر لب کیا لگا یا دانت پر

درد دل درمان سے دونا ہو گیا
سو گئے ہم شہر سونا ہو گیا
کعبۂ دل بھی شوالا ہو گیا
ہجر مین شیشہ تنہا ہو گیا
باب توبہ دفعتہً وا ہو گیا
نیمچہ قاتل کا دونا ہو گیا
ہر کوئی بندے کا بندا ہو گیا
نیمچہ جو منھ پہ میٹھا ہو گیا

یک بیک خندۂ افزودنسے نکل آئے اشک
لن ترانی کا مزا پوچھتا موسی سے کوئی

وائے تقدیر کہ ہنسنے مین بھی رونا نہ گیا
ارنی کہتے تو کہہ بیٹھے پہ دیکھا نہ گیا

خط تو قاصد کو دیا لکھ کے ولیکن مجھسے
ای قلق گھر کا پتا اُس کے بتایا نہ گیا

تجھسے گلزار جو ای بلبل نالان چھوٹا
اس دل افگار سے بھی کوچۂ جانان چھوٹا

تھا گرفتار وہ ہر روز نگہبانی مین
اک مرے مرتے ہی سو رنج سے دربان چھوٹا

مژدہ ای دل کہ بس اب اپنی اجل آ پہونچی
حسرت ای جان کہ ہمسے در جانان چھوٹا

حشر کو ہونگا مین ای دست جنون دامنگیر
چاک کرنے مین جو اک تار گریبان چھوٹا

گھر سے نکلو نہ مری جان کہ ہم سنتے ہین
ہوا و کوڑیکا جب گل سے گلستان چھوٹا

پھر کسی دام مین ہر گز نہ پھنسے گا دل زار
تیرے پھندے سے جو ای زلف پریشان چھوٹا

جیتے جی ساتھ نہ چھوٹا تو پس مرگ ای شوخ
خاک سے بھی نہ ترا گوشۂ دامان چھوٹا

غل مچا آگ لگی آگ لگی آگ لگی
کیا کسی داغ سے پھاہا دل سوزان چھوٹا

غیرت و شرم و حیا ہمسے چھٹی تیرے لیے
تجھسے اک دل کا جلانا نہ مری جان چھوٹا

مخمس ۲۵

کشتے ہیں گمان صدا سے تفنگ کا
وقت فغان جو دھیان ہی اک خانہ جنگ کا

پروانہ وار پھرتی ترے گرد بزم مین | ہوتا نہ عذر شمع کو گر پاے لنگ کا

اگر سین لگے چاک گریبان مرا سیح | دیوانہ ہو نہین حسن بتان فرنگ کا

نکلا پے شکار جو وہ شہسوار ناز | ہر صید شگفتہ ہوا زین خدنگ کا

لکھے ہین ہمنے وصف خط سبز یار کے | جو دائرہ ہوا ہے مین ساغر ہے بنگ کا

یارو جو تو نکی سنگدلی کا ہو نہین شہید | تعویذ چاہیے مری تربت پہ سنگ کا

پتھرائین آنکھین اُسکی آئی جو بے مثال | عارض ترا جو نور کا آئینہ سنگ کا

دریا مین چھینٹے جب کہ وہ مطرب پسر | جام حباب جام بنا جلترنگ کا

پرتو پڑے جو اُس بت قاتل کے چہرے کا | عالم ہو آب تیغ مین بھی آب گنگ کا

دیکھا جو ساتھ قافلۂ رشک کے قلق
دھوکا ہوا مجھے دل نالان پہ زنگ کا

زلف و رخ کی عاشقونکو فکر صبح و شام کیا | رند مشرب ہین ہمارا کفر کیا اسلام کا

اپنی لاسی مشگی ہمکو دوئی سے کام کیا | ہو انا المحبوب لب پہ نامہ و پیغام کا

خود فروشی پہ ہے مضطر آپ وہ سیم اندام کیا | ہو متاع حسن کا منظور اسے نیلام کا

برنگ شمع روشن ہو گئی ہر موج مے ساقی
پڑا پرتو جو ساغر مین حنائی روے گلگون کا

مے نزدیک کیا ہو بوے مشک و نکہت سنبل
کہ ہو نمین سونگھنے والا شمیم زلف شبگونکا

لکھی ہی جو غزل وصف دہان یار مین مینے
بنا ہو آشیان ہر دائرہ عنقاے مضمونکا

وہ دیوانہ ہون جیسے شیر تجکو شیر مادر ہی
نہین کم دامن یار سے ہین کوہ و ہامونکا

یہ کی اُس طفل لیلی وش نے عزت مین تخست مین
عوض پتھر کے مارا مجکو ڈھیلا چشم مجنونکا

گلستان جا بجر پڑھتے ہین لڑکے میرے دیوانکو
لکھا ہی وصف جو اک رشک گل کے روے گلگونکا

چُرا کر دلکو دزدیدہ نظر سے ساقی مہوش
کٹورا آب و دڑاتا ہی پتی چشم میگون کا

تصور جو ترے دانتونکا آیا عین وقت مین
نظر آیا ہر اک آنسو مین عالم دُر مکنون کا

وہ دیوانہ ہون سایہ جس شجر پر پڑ گیا میرا
ہوا اُسپر یقین ای یار بید مجنون کا

وہ منصف ہون کبھی افسانہ لیلی جو لکھتا ہون
قلم خامہ بنا لیتا ہون شاخ بید مجنون کا

پڑ گیا پرتو جو شب اُس انجمن افروز کا
شمع پر دھوکا ہوا خورشید عالم سوز کا

جلوۂ رخ دیکھکر اُس مہر عالم سوز کا
ماہتاب ان پہ ہوا عالم چراغ روز کا

غزل ۳۷

۲۰

روزن قبر سے جھانکے جو وہ عیسیٰ آیا
چوم لین نشہ مین آج اُسکی نشیلی آنکھین
رُخ سے اپنے جو نقاب اُسنے اُٹھایا تو کیا
وحشت مین رہے قیس سے لاکھون ہمراہ

مر گئے پر بھی ہمین دید کا آزار رہا
ہمین بیہوشی لذت مین بھی ہشیار رہا
پردہ شرم و حیا مانع دیدار رہا
سارے دیوانو کا مین قافلہ سالار رہا

بے خطا کون دل آزار خفا تھا تجھسے
عمر بھر تو جو قلق زیست سے بیزار رہا

جاے خون ہر زخم سے فوارہ چھوٹا نور کا
عکس پڑ جاے اگر اُس کے رُخِ پُر نور کا
کر گیا بیخود نظارہ ایک شک حور کا
ہوش کھو دیتا ہی سُننا اس سراپا نور کا
دیکھکر بیہوش ہون جلوہ رُخِ پُر نور کا
جان دی ہی دیکھکر حسن اک سراپا نور کا
جب چلا دو گام وہ اک حشر برپا ہو گیا

خنجرِ قاتل نے کیا چاٹا ہی پتھر طور کا
شمع کا شعلہ وہین بنجاے شعلہ طور کا
کاجل آنکھو نمین بنا کیا دود چراغِ طور کا
ہی چمک دانتو نمین جلوہ ہی برقِ طور کا
مٹی کے ڈھیلے کے بدلے سو نگھین پتھر طور کا
ہو مرا صندوق بھی چوبِ نہالِ طور کا
شورش خلخال کو سمجھا مین نعرہ سو کا

نظم عشق ۲۹

ہو گیا شاید گذر اس شوخِ برقِ طور کا — وادیِ ایمن میں اٹھتا ہے بگولہ نور کا

کچھ سیاہی بتلا رہی ہے بل نے تیرگی — صبح کی آنکھوں میں ہے کاجل شبِ دیجور کا

چاہیے جھک جھک کے ملنا سب سے دیکھو سرکشو — ٹھوکریں کھانا نتیجہ ہے سرِ مغرور کا

جو کہ روشن دل ہیں ان میں عیب بھی ہوتا نہیں — دیکھ لو دیکھا ہے کس نے چور شمعِ طور کا

دامنِ نظارہ خارِ خط سے الجھا ہے نہ دے — چاہیے اے رشک وہ چہرہ پُر نور کا

تم ہوئے آزردہ بوسے لیکے پچھتاتے ہیں ہم — کیا لبِ شیرین کا بوسہ بھی ہے لڈو بور کا

عشق خط نے کر دیا ہے ناتوان ایسا مجھے — قدِ خم گشتہ مرا حلقہ ہے چشمِ مور کا

دستِ نازک جھاڑ کی شاخیں کنول میں بتیاں — صاف قدِ یار فرشی جھاڑ ہے بلور کا

نور کے جھڑتے ہیں مجھے آگ جب دیتا ہے وہ — کیا تنپچے میں بھی ہے قاتل کے پتھر طور کا

گرمِ رفتاری تمہی اے شعلہ رو ہو شعلہ خیز — نقشِ پا گویا کہ ہے فرشی کنول بلور کا

اور دو دن مستو سبھی چسکیاں کر لیجیے — ایک دن ہو جاؤ گے لقمہ وہاں گور کا

سچ مثل ہے رد بر دچھوٹے کے سچا رو مر — بات حق کہنے پہ کیا درجہ ہے منصور کا

نالہ شوان کردن تحتِ دلِ عرش کے ساتھ — سقفِ گردوں میں لگا دوں جھاڑ میں بلور کا

شہرہ ہی شہر شہر خط مشکبار کا
کوڑی سے مول ہوگیا نافہ تتار کا
نقصان خط سے کچھ ہنوا حسن یار کا
اٹکا دیا ہی خار سے دامن بہار کا
پوچھا صبا سے ... کوے یار کا
دیکھو ذرا شعور ہمارے غبار کا

لکھنا ہی وصف شعلۂ رخسار یار کا
جلے ورق ہو ہاتھ مین پتا چنار کا

بیمار عشق ہون لب و دندان یار کا
نسخے مین میرے چاہیے شربت انار کا

رشتے کی طرح سے دُر دندان کا ترے زار
ساکن ہی کوچۂ گہر آبدار کا

آثار عشق خاک سے بھی اپنے ہین عیان
بیوجہ رنگ زرد نہین ہی غبار کا

ہر ذرہ اپنی خاک کا ہی چشم انتظار
یارب اودھر بھی ہو گذر اُس شہسوار کا

ہم عاصیونکو بعد فنا بھی یہ خوف ہی
تختہ اُلٹ نہ جائے زمین مزار کا

کلیان تا کہ نہ کلی نہین جب سے اسیر ہین
دیکھا مزا نہ کچھ چمن روزگار کا

چشمان یار کرنے لگین ہین دلونکو صید
ان آہوونکو شوق ہوا ہی شکار کا

وہ دل جلے ہین شعلہ جوالہ بنگیا
اُٹھا جو گرد باد ہمارے غبار کا

یاد مژہ نے باغ دل داغدار مین
کھٹکا لگا دیا خلش نوک خار کا

کشتہ ہون ایک ترک کے تیر نگاہ کا
انداز مرغ دل مین ہی زخمی شکار کا

رخت سفید صورت مینا لیے ہی سرخ
کیا رنگ پھوٹ نکلا ہی اندام یار کا

پھولونکی جا پیالہ ہو لبریز پھول سے
تیجا ہی میکشو قلق بادہ خوار کا

تو خاک ہوگئے ... تختہ مزار کا
بیگ روان ہی نام ہمارے غبار کا
پھر بھول جائیگا ... ستار کا
دامان عرش تک بھی پہونچا ...

۳۰

ہوا کشتہ میں جب وہ مسکرائے دو نمکی لیکر
بنی موج تبسم تیغا برق لن ترانی کا

رکھا جب زیر دنداں آپنے انگشت سیمیں کو
ہوا شک مجکو سیپارے میں کاغذ کی نشانی کا

صفت لکھتا ہوں کہ شاکِ قمر کے روے تاباں کی
سیاہی میں ہے موضم دود چراغ آسمانی کا

نہ گویا ہو سکا طوطی خط سبز بھی ابتک
اسی منھ پر ہے دعوا آپکو معجز بیانی کا

جسے عقد ثریا آسماں پر لوگ کہتے ہیں
پرانا دستہ ہے انکی قبائے آسمانی کا

آئی لکھنؤ میں کوڑیوں کے مول میں گل رو
سنوں شکوہ نہ جنس حسن جو بانکی گرانی کا

وہ ہم صیاد پیشہ ہیں تفنگِ کلکِ فکرت سے
شکار اب کھیلتے ہیں وہ زمرغانِ معانی کا

عدم کہتے ہیں عشاق کے کٹتے ہیں القاتل
ترے کوچے میں کیا چھرکاو ہے خنجر کے پانی کا

ستارہ وہ نکا جو شک ہے آپکے ماتھے کی افشاں پر
گماں نرم کفو نیہ ہے دود چراغ آسمانی کا

مرے قاتل کو طفلی میں بھی تھی مشق ستمگاری
معلم سے سبق پڑھتا تھا وہ شمشیرخانی کا

جھکا کر سر در یم فکر سخن میں ڈوب جاتا ہوں
گریبانِ تفکر ہے بھنور بحر معانی کا

کیا ہے سرمے کے دنبالے نے قتل ایک عالم کو
دکھایا آج جوہر اسنے تیغ اصفہانی کا

دم تحریر گلہاے مضامین خندہ کرتے ہیں
صریر کلک کیا نالہ ہے مرغ بوستانی کا

[illegible]

مین دیکھونگا کسیکو مصحف رخ کی قسم کھاکر
نکال اب منھ سے اوسکا فرنہ کلمہ بدگمانی کا

نہین دم مارتے ہرگز کہ مین ہین کٹے جتنے
لب خنجر سے کب شکوہ سنا تشنہ دہانی کا

گلون کی رونقی مین کار روغن کرتی ہی شبنم
اگر کچھ حال اپنی نظر و مین کنول ہی تیلپی کا

لگا تا ہون ریاضِ نظم مین نخلِ گلِ مضمون
قلق مین باغبان ہون گلشن رنگین بیانی کا

مجھے ناشاد چرخ کینہ پرور نے ستا رکھا
اسی غم نے میرے سودوسرے مجکو جدا رکھا

لگاوٹ اسطرح کرتی ہی کچھ پھر تیغ قاتل کی
مگر زخم دگر کو کیا کوئی تسمہ لگا رکھا

غنیمت جانتے تھے دور ہی سے دیکھنا اسکا
سو یہ بھی تونے او چرخِ ستمگر نا روا رکھا

نہ ہمکلین حسرتین دلکی رہی منھ دیکھنے کی لذت
مقابل آئینہ بس ہمکو صورت آشنا رکھا

تمنا دیکھنا جا شباد لاکھون مر گئے دوڑے
جو قاتل نے کبھی قبضے پہ ہاتھ اپنا ذرا رکھا

تو وہ گل ہی کہ سنکر تیری آمد عندلیبون نے
چمن مین فرش پا انداز پھولونکا بچھا رکھا

اڑا کر لے گیا دل طائر رنگ حنا میرا
بہشت بہتان مین تجھے پہ ای وزد حنا رکھا

غرض یہ تھی کہ بندے سے خطا کو مین پائین
خدا نے اسلیے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا

[illegible]

سُرخ رُو ہو گئی ثابت قدمی اُس کی قلق
پاؤن تک بہکے جو خونِ فصیر ہا دآیا

مہندی مل کر وہ اُٹرک ستم ایجاد آیا
خون بہا ہاتھ مین لیتا ہوا جلاد آیا

دم مین عاشق کے وہ شوخ ستم ایجاد آیا
دام مین صید گرفتار کے صیاد آیا

باغبان آیا گلستان مین کہ صیاد آیا
جو کوئی آیا مری جان کو جلاد آیا

وائے قسمت ہوا صدقے مین بھی چھٹنا نہ نصیب
روز بازار مین لے کر ہمین صیاد آیا

ذبح کرتے تو کیا پر مری بے جرمی پر
آٹھ آٹھ آنسو ون روتا ہوا جلاد آیا

بعد مرگ آئی لبِ گور فریدون سے صدا
ہمین اب ہے امنِ مادر کا ہمین یاد آیا

گلشنِ دہر مین وہ مرغ ستمدیدہ ہون
اُڑ گئی نیند اگر خواب مین صیاد آیا

آگے رکھ دیے تلوار پہ جانبازون نے
امتحانًا جو کسی روز وہ جلاد آیا

سخت جانی کا مری جان جو قاتل نے سُنا
دل کڑا کر کے بہت خنجر فولاد آیا

ہم موے جاتے ہین تم محو خود آرائی ہو
خنجر آیا ہے کہ آئینہ فولاد آیا

تھا جو قسمت مین لکھا ہو گا جو انہین خوبن
تو لڑکپن مین بھی تعلیم کو جلاد آیا

مخمس ۳۳

[illegible]

غزل ۳۴

حسد کی جا نہین یہ اپنی اپنی قسمت ہے ۔ کسی پہ لطف کوئی مورد عتاب ہا

شب فراق بس اک پل جھپک گئی جو آنکھ ۔ تمام عمر مجھے انفعال خواب ہا

فراق یار مین سیلاب جوش گریہ سے ۔ بسان مردم آبی میان آب ہا

کسیکی آتش فرقت مین یہ بھی جلتا ہے ۔ کبھی نہ تانے پہ آرام سے کباب ہا

ریاض دہر مین وہ خفتہ بخت ہین کہ سدا ۔ ہمارے باغ کا سبزہ بھی مست خواب ہا

تجھ کے وادی الفت مین رکھ قدم اے دل ۔ یہ راہ وہ ہے جہان خضر بھی خراب ہا

لگا یا ساغر می بھی نہ منہ سے اے ساقی ۔ امیدوار مشرف کا یہ آفتاب ہا

نجف کو اٹھ کے چلا اے قلق غبار اپنا ۔ یہ خاک اڑنے پہ بھی عشق بوتراب ہا

صلح ٹھہری فیصلہ باکید گر ہونے لگا ۔ غدر ادھر ہونے لگا شکوہ ادھر ہونے لگا

دم کی آمد شد نے وقت نزع یہ دھوکا دیا ۔ طائر جان پر گمان نامہ بر ہونے لگا

دست وحشت سے ہمارا ٹکڑے ٹکڑے ہر تار جیب ۔ صوف مرہم بہر ناسور جگر ہونے لگا

مین فقیر دشت پیما بادشاہ وقت ہون ۔ مجھ سے سر کو جب ہوئی جنبش جیغہ سر ہونے لگا

[illegible]

[illegible]

ای قلق مین ہون وہ نازک دل کہ فور ماہ سے
جب کتان پرزے اُڑا کر ٹکڑے جگر ہونے لگا

قسمت سے مل گیا مجھے ساغر شراب کا
چھینا ہی نجم بخت نے برج آفتاب کا

اُس مہ کے ہاتھ مین نہین ساغر شراب کا
مہتاب سے مقابلہ ہی آفتاب کا

ہر سال قبر پیر مغان پر چڑھاتے ہین
شیشہ شراب ناب کا دونا کباب کا

انصاف پر نگہ ہو اُس کی تو باغبان
دے قبر عندلیب مین تختہ گلاب کا

رویائے وصل کہہ نہین سکتے ہین شرم سے
عالم ہی بنا خواب مین لوگونکے خواب کا

ہو گر وجود تو کھینچو مجھ پیر کی شبیہ
تصویر پر لگائیو روغن شباب کا

سیخ مژہ پہ دیکھ کے لخت جگر مرا
کیا کیا جلا بھنا ہی کلیجا کباب کا

مجھ رند بادہ خوار پہ سایہ پری کا ہی
صدقے مین میرے دیجیو پیالا شراب کا

دامن جنون نے مین سحر ای چاک چاک
دھوکا عبث ہی خضر کو موج سراب کا

بیجا نہین ہی گریۂ شبنم دم سحر
لبریز ہو چکا ہی پیالا گلاب کا

پیر مغان کے عرس مین یون آئین اہل زہد
گاگر کے بدلے سر پہ سبو ہو شراب کا

۳۵

گلچین نہاں آرزوے عندلیب مین
دستِ نگاہ شوق کو پاسِ ادب رہا

یہ دیدہ مجکو چاہیے دینا گلاب کا
پردہ کیا نہ فاش تمھارے نقاب کا

چلتی ہو تیر مقتلِ عشاق مین بہت
دم چڑھ رہا ہے یار کی تیغ خوش آب کا

اب اے قلق وہ جوش وہ بدمستیان کہان
پیری اُتار دیتی ہے نشہ شباب کا

گلو نیر صاف دھو کا ہو گیا تیغِ کٹوریکا
رگِ گل مین جو عالم تھا تری انگیا کی ڈوریکا

برابر ایک سے مصرع نظر آتے ہین ابرو کے
توارد کیسے یا ہو ایک ہی مضمون چوریکا

بہت غم کھاتے کھاتے اک نہ اک دن جان جائیگی
ضرر رکھتا ہے اے دلبر نتیجہ سیر خوری کا

ہوا ہے ہمکو اک مطرب پسر کی زلف کا سودا
ہمارا شور وحشت بھی اک ٹپا ہے شوریکا

خفا ہو گالیان دو چاہو آنید وہ نہ آنے دو
ہین دو بوسے تو تکتے سوتے ہین مجھے لپکا ہے چوریکا

اگر تم بوسۂ سیب ذقن سے ہوگئے قاتل
گلے پر پھیر دیجیے چاقو میوہ خوریکا

کوئی شیدا ہے عارض ہے کوئی زلفونکا دیوانہ
کسی کو عشق کالی کا کوئی عاشق ہے گوریکا

کہین اچھی صورت دیکھ لون دو دیدۂ نظر و فسے
مری آنکھونکو چورونکی طرح لپکا ہے چوریکا

۳۸

کفر و اسلام کے جھگڑو نسے چھڑایا صد شکر	قید مذہب سے جنون نے مجھے آزاد کیا
محفل غیر مین بلوا کے جلایا ہم کو	تمنے خلوت مین کسی دن نہ ہمین یاد کیا
جسمین مضمون ستم تھا زہی خوش چشمی کا	تو اُسی شعر پہ اُستاد نے بھی صاد کیا
کوہ غم ہمنے بھی او غیرت شیرین کاٹا	جوش اُلفت مین تسے پیشۂ فرہاد کیا
ایک دن بھی نہ ہمارا کوئی کہنا مانا	ہم بجا لائے جو کچھ آپ نے ارشاد کیا
تیرے دیوانو نکا کس وحشت مین مسکن نہوا	کونسا ہو وہ خرابہ جو نہ آباد کیا
حسرت قتل ہی سے جان دی اپنی صد شکر	موت نے ہمکو نہ شرمندۂ جلاد کیا
دیکھو اس عشق فسونساز کے نیرنگ آخر	جان لی قیس کی کاٹے سر فرہاد کیا

لاکھ چاہا مگر اک شوخ ہمارا نہ ہوا
کیا جوانی کو قلق مفت مین برباد کیا

ہجر مین رونے سے دیدۂ تر کیا ہوگا	ایسے چھینٹو نسے فرو سوز جگر کیا ہوگا
یاد اغیار جو وہان ہر گذر کیا ہوگا	ولین اُس خانہ برانداز کے گھر کیا ہوگا
خرمن ہستی عاشق کو نہ کر خاک سیاہ	اسمین حاصل تجھے اے برق نظر کیا ہوگا

[illegible]

عمر بھر دشتِ بلا مین اُفعی زخمی کی طرح
صدمۂ بادِ خزان غمسے دلِ نالان رہا
جب سنا یا دردِ عشق دخترِ رز نے ساقیا

گیسوئے خمدار کے سودے مین سر بہکا کیا
یہ وہ غنچہ ہے کہ ہر موسم سدا چٹکا کیا
لیپ دُر پر بادہ گلگون کی لپٹ کا کیا

شاہ اختر کا یہ مصرع نقش ہو دلپر قلق
ناک کا لونگ کا ہماری آنکھ مین کھٹکا کیا

صاف لکھ بھیجا جواب اُسنے مری تحریر کا
اے منجم وصل ہوگا کس دن اُس مہ پارہ سے
جسکو دیکھو در بکف گلزار مین آتا ہے وہ
کٹ گئی عمر اُس قمر کی عشق ابرو مین تمام
زیب ہے کیسے وہم رنگین کلام یار اگر
پانوٗن سے مجھ وحشی لاغر کے یہ گھستی نہین
بے لیاقت مدعی پہونچا سکیگا کب ضرر
میری رسوائی اگر میدان محشر مین ہوئی

لو لفافہ کھُل گیا سادہ خط تقدیر کا
آئیگا روز شرف کب کوکب تقدیر کا
گُل کے ہاتھ آیا ہے کیا نسخہ کوئی اکسیر کا
رُخ عقرب مین ہے کیا کوکب ہی تقدیر کا
آشیان کنج دہن ہے طائر تقدیر کا
مورچہ کھاتا ہے خرمن دانۂ زنجیر کا
کارگر کیا نیش ہوگا عقرب تصویر کا
فائدہ کیا اسمین ہوگا کاتب تقدیر کا

گھٹ گیا دل میں خجالت سے ترا دیکھ کے قد
سرو گلشن کو بڑا ناز تھا رعنائی کا

دھوم سنکر تری خوش چشمی کی ای رشک چمن
چشم نرگس کو بھی ارمان ہی بینائی کا

چشم مشکیں سے جو اُس ترک فگن کی لڑی آنکھ
ہوگیا نشّہ ہرن آہوی صحرائی کا

غم عاشق میں کیا ترک نکھرنا اُس نے
گُل چراغ آج ہوا ملک خود آرائی کا

جب سے اِس نور کے بچے نے مجھے جھانکا ہی
چشم روزن میں گمان ہوتا ہی بینائی کا

سب گھمنڈ ٹوٹ گئے رقیبوں کے مٹا دیتا میں
پاس ہوتا نہ اگر یار کی رُسوائی کا

موجودی غیر کو ساقی نے کراہت دیکھو
شیشۂ مے کو مرض ہوگیا ابکائی کا

غلم خوبان جہان ہم سے قلق اُٹھ نہ سکا
نام بدنام کیا صبر و شکیبائی کا

شہرہ بیوجہ نہیں زینت و زیبائی کا
قطع جامہ ہی مرے یار پہ رعنائی کا

سیر دیکھو لب جانبخش صنم کے ہوتے
خضر خط کو بھی دعویٰ ہی مسیحائی کا

طول سا طول ہی مرتا ہون نہ ہوتی ہی سحر
روز محشر ہی لقب اُس شب تنہائی کا

مجھسے اُن آنکھوں کو وحشت ہی مگر مجھکو ہی عشق
کھیلا کرتا ہون شکار آہوی صحرائی کا

بیتابی الفت نے کیا ہی سبک ایسا
وہ سوختہ جان ہون جو اٹھے دود دل پنا

چھلنی کیا اس نالے نے پتھر کا کلیجا
جو بن پہ شب ہی ہوا چلتی ہی ٹھنڈی

لکھی ہی ترس کا وش خال لب شیرین
اب یہ نئی ہی کشتہ دیدار کی حالت

پیغام زبانی بھی کوئی کہنے نہ پایا
کس چین کی نیند آتی ہی کیا ہمین حسرت

خاطر پہ گران یار کی نظرون مین ہون ہلکا
دنکو صفت شام ہو نظر دیئین ڈھونڈ ہلکا

پوچھو جگر کوہ سے توڑا اپنی رفل کا
ساقی کوئی ساغر مئے گلرنگ کا چھلکا

خامہ بھی مرا ایشس ہی زنبور عسل کا
آنکھو نین وہ مر اٹکا ہی بھروسا نہین پلکا

خط پڑھتے ہی لکھوا لیا قاصد سے مچلکا
پوچھون جو معبر ہو کوئی خواب اجل کا

ہر وقت محبت مین مرے درپے جان ہی
پہلو مین قلق دل نہین دشمن ہی بغل کا

دل خستہ ہو تو لطف اٹھے کچھ اپنی غزل کا
عالم تھا پڑی خرمن جان برق اجل کا

اب یہ خط جام بھی دشوار ہی ساقی
مطلب کوئی کیا سمجھیگا مستو کی غزل کا

جب پیچھے کا موباف دوپٹے سے وہ جھلکا
قاضی نے لیا دختر رز کا بھی مچلکا

زلف ترس مین ہی ہوا ان کا وش خال لب شیرین [illegible]

خنجر قاتل سے مین دم بھر کی مہلت مانگے
دید کی حسرت نہ نکلی بس تھا جو وقت [illegible]
باغ رضوان حق سے کیا فردوس جنت مانگے

[illegible]

دل اپنا کوئے لف صنم مین ٹھٹک گیا
لو اور تُنیے خضر بھی رستہ بھٹک گیا

نظرونمین میری تیر نگہ وہ کھٹک گیا
سینہ جو توڑ کر جگر و دل تاک گیا

تڑپایا اس قدر ہمین درد فراق نے
بستر جگہ جگہ سے ہمارا مسک گیا

جلوے سے نور عارض روشن کے ای قمر
زخمی تمھاری تیغ نگہ کا چاک گیا

تشبیہ دی جواہر سے پرخم سے یار کے
طالع کا ماہ نو کے ستارہ چمک گیا

قاصد سے لیکے خط اشوخی تو دیکھنا
مضمون اضطراب کو پڑھکر بھڑک گیا

اب دام مین تمھارے مرا دل نہ آیگا
ای جان یہ غزال رمیدہ بھڑک گیا

بڑھ بڑھکے بوستا تھا مین رحمت کے نامہ پر
اعمال نامہ دیکھکے پیچھے سرک گیا

گرمی آتش رخ دلدار دیکھنا
مثل سپند خال کا دانہ چٹک گیا

بجھ رو سیہ کی پھیلی یہ تاریکی عمل
جگنو سا آفتاب قیامت چمک گیا

مین نے نہ پائی نام پہ مدہوش بیخودی
تاثیر دیکھو جام ہی از خود چھلک گیا

وحشت مین جب وہ خار مژہ یاد آگیا
کانٹا سا ایسے پانے جگر مین کھٹک گیا

وادی عشق مین مرے یوسف جمال کے
مین کیا تمام قافلہ رستہ بھٹک گیا

۵ نظم عشق

وہ مجنون ہون جو بنگ اگر ہو تن جنون اپنا [illegible]

[illegible]

مطلع عشق

ارادہ ہی قتن کا لینگے بوسہ اس ستی قلعے	غرا بہ کھینچنگے ہم بھی اگدن عیب نخدا انکا
مری مٹی مین بھی خاصیت اکسیر پیدا ہی	کہ مین کشتہ ہون اک بہارہ کے الماس دندہ انکا
پہونچتا ہو کب ہاتھ اس گل کے گریبان تک	ہوا ہی جسکی خاطر حال تار ان جیب و دامانکا
کیا ہی قتل مجکو یار کے دست حنائی نے	جو دیدہ چاہیے تربت مین مری شاخ مرجانکا
بیابان جنون مین کیون نہ رکھو مین عزیز انکو	گلستان خار مغیلان ہی تیرے موے مژگان کا
وہ ترک جنگجو مجھسے اگر آنکھین لڑائیگا	کھنچے گی تیغ ابرو کی چلیگا تیر مژگانکا
گل داغ جنون کثرت سے سینے پر شگفتہ ہین	مرا چاک گریبان بھی ہی دروازہ گلستانکا
مرے ہبکانیکو راہ طلب مین ہی خضر اکثر	بنا مانند چشم غول ہر ذرہ بیابانکا

	عنایت گرد صحرا کا قلوہ ہمکو کیا خلعت جنون نے رکھ لیا پردہ ہمارے جسم عریان کا	

اگر کرتا وہ نظارہ لب جانبخش جانانکا	سکندر ایک دن خواہان نہوتا آب حیوانکا
رقم کرتا ہون کچھ وصف ابرو و دندان جانانکا	دکھاتا ہون نہین جوہر اپنے کلک گوہر افشانکا
جو اُسکا سینہ پر نور دیکھا تو مین سمجھا	ہوا خورشید طالع مشرق چاک گریبانکا

[illegible]

[illegible]

وہ سخت جان ہوں عمر کٹا مجھے وہ قاتل فتق
تو تیغ کا بھی گلے ساتھ دم نکل جاتا

یہی چلن تھا جو بازار عشقبازی مین
ہمارا سکۂ داغ جنون بھی چل جاتا

بھلا ہوا نہ سنی ہم نے بدزبانی یار
ہمارے منھ سے بھی اُسوقت کچھ نکل جاتا

اثر اگر کشش شوق قتل دکھلاتی
تو تیغ چرخ کمر یار کا اُگل جاتا

صفا پر اُسکی مہ و مہر گر نظر کرتے
تمھارے چہرے پہ پاے نگہ پھسل جاتا

جو پانون توڑ کے اک جا نہ بیٹھ رہتا مین
تو کوئی جوڑ رقیبوں کا مجھپہ چل جاتا

شراب خانے مین ہوتا گذر جو واعظ کا
جمال دختر رز دیکھکر پھسل جاتا

تمھین بتاؤ مین ناصح کی کسطرح سُنتا
سنبھالنے سے دل غمزدہ سنبھل جاتا

نہ سہنے پڑتے اگر روز صدمۂ شب غم
تو اتنا جلد مین کیون دیے کی طرح ڈھل جاتا

فروغ دیکھ کے اُس شمع بزم کا شعلہ
تڑپ کے پردۂ فانوس سے نکل جاتا

مرے چلن پہ نکرتا نظر اگر وہ کریم
کھڑون کیساتھ یہ کھوٹا درم بھی چل جاتا

ہمارے روز سیہ دیکھتی تو ہیبت سے
شب فراق کا بھی رنگ رخ بدل جاتا

قلق رہا ہے مجھے پاس وضع عشق مین بھی
مزاج یار نہ تھا مین کہ جو بدل جاتا

[illegible]

[illegible]

فروغ دود ہان ہاشمی آگے نہ ایسا تھا	کیا ہر نام روشن آپنے اپنے اب وجد کا
لگا جاؤن ترے دیوانگان عشق گیسو مین	ملے آزاد نامہ جب مری روح مقید کا

قلق کوئی نہین اب دلمین ورارمان بجز اسکے
خدا دکھلائے جلدی مرقد انور محمد کا

ہم بغل جسوقت ہمسے وہ گل تر ہو گیا	پیرہن کیا جامۂ تن تک معطر ہو گیا
جب مقابل یار کے دانتون سے گوہر ہو گیا	آب خجلت سے تمام اسکا بدن تر ہو گیا
جسکو وصل اس آئینہ رو کا میسر ہو گیا	بخت اسکا غیرت بخت سکندر ہو گیا
اسنے دکھلایا اثر اپنے طلائی رنگ کا	نقرئی پہنا تو سب سونے کا زیور ہو گیا
پرتو رخسار سے اک آسمان حسن کے	ذرہ ذرہ روکش خورشید محشر ہو گیا
چاہتا ہر اسکا مین کلمہ پڑھون آیا ہو آئے	نامے کے لانیسے کیا قاصد پیمبر ہو گیا
اسقدر کی رخنہ اندازی فلک آ جانے	رفتہ رفتہ یار کی دیوار مین در ہو گیا
لاکھ در باؤ نکو بھر کائین وہ انداز ابتو کیا	دلمین اپنے خانمان برباد کے گھر ہو گیا
ہمنے لکھا تھا جو خط مین اپنی بربادی کا حال	راستہ ہی مین تباہ اپنا کبوتر ہو گیا

تکملہ ۴۷

[illegible]

۵۰

تیغ ابرو کے لگاتے جگر و دل پہ یہ وار
میرے قاتل نے ذرا مجھکو سنبھلنے نہ دیا

سخت جانی نے شہادت سے ہی رکھا محروم
حلق پر خنجر سفاک کو چلنے نہ دیا

بدگمان اتنا ہو غیرونکے بھڑکانے سے
یار نے عطر بھی پوشاک مین ملنے نہ دیا

وحشت عشق نے تا زیست بنا ہی مجھے
پانون باہر مرا زندان سے نکلنے نہ دیا

یاد ہین پیچ تری زلف کو کیا کیا اے جان
دام مین لا کے محبت کے نکلنے نہ دیا

پاس مہمان اسے کہتے ہین کہ تا زیست قلق
خار غم آبلۂ دل نے نکلنے نہ دیا

جو ساقیا تو نے پی کے ہمکو دیا ہی جام شراب آدھا
تو اپنے ہاتون سے کاٹ کھوے ہمارے منھ مین کباب آدھا

وہ پرگنہ ہین کہ رہ گئے سب اسیمین گنگیا وہ سارا
ہنوز محشر کے محکمے مین ہوا تھا میرا حساب آدھا

کہا لگی تب اڑا دہ لن ترانی تنہ بت جلوہ کی لاگ عاشق
ہنوز کھولا تھا پھر دیا اسنے بند نقاب آدھا

بھرے کا مل جو چاہتا ہی تو ذبح کر ڈال جلد قاتل
نچھوڑ تا مجکو نیم بسمل کہ پائیگا تو ثواب آدھا

دماغ دکھیو مر صنم کا گلا جو کرتا ہو مین ستم کا
تو دیتے ہین سیاری ہی لکھا وہ مجھے بدقت جواب آدھا

سفید و سرخ ایسی ہی رنگت کہ جب بنا ہوگا مجکا تیلا
ملایا ہوگا اسمین صانع نے دودھا میدہ شہاب آدھا

رضوان ہمین جو روکیگا چلا لینگے ملک
جانے دو ان کو ہین یہ غلامانِ مصطفا

کیا آفتابِ حشر کی گرمی ستائے گی
ہم ہون گے زیر سایۂ دامانِ مصطفا

بادِ خزان ظلم سے سب باغ یون ہی ہائے
تاراج کر دیا یہ چمنستانِ مصطفا

ہوتے نہ آپ خلق تو ہوتا نہ کچھ بھی خلق
دونون جہان ہین بندۂ احسانِ مصطفا

خوف اُنکو بازپرسِ قیامت کا کچھ نہین
جو اُمتی ہین تابعِ فرمانِ مصطفا

دُنیا کے ذائقون پر اسی سے نظر نہ کی
سب نعمتون سے سیر تھے مہمانِ مصطفا

خورشید آسمانِ نبوت حضور ہین
برجِ شرف ہی گوشۂ ایوانِ مصطفا

کس سے مثال دیجیے ایسا وہ کون ہی
برتر ہی سب سے بعدِ خدا شانِ مصطفا

عصیان سے کیون ہین سر بگریبان حشر مین
ہو گا ہمارے ہاتھ مین دامانِ مصطفا

ہو جائے رسا نصیب ہمارے بھی اے قلق
دیکھین گے ہم بھی مرقدِ ذیشانِ مصطفا

سودا ہوا ہی جب سے اُس زلف پر شکن کا
تارِ سیہ بنا ہی سنبل مرے چمن کا

بازار گرم کیونکر ٹھیرے دم نہ ہو سخن کا
آتش زبان ہی اک بلبل مرے چمن کا

۵۲

میسّر ہوا لکھے مین سب احکام قرآن و حدیث
رائے حق رائے نبی ہی عین رائے بوتراب

پیروی اُس رہنما کی کر کہ تا بھٹکے نہ راہ
مشعلِ راہِ یقین ہی نقش پائے بوتراب

دوستانِ مرتضی پر نارِ دوزخ ہی حرام
اک کلیدِ قفلِ جنت ہی ولائے بوتراب

حکم جاری اُسکا جن و انس پر کیونکر نہو
وقت کا اپنے سلیمان ہی گدائے بوتراب

عکس کی ہی تصویر کا آئینہ خورشید فلک
کرتی تھی کس سے زمین باتین سوائے بوتراب

پڑھیے بعد پنجگانہ اب وظائف کچھ نہ اور
لکھیے نعت محمدؐ اور ثنائے بوتراب

ردیف	مانگتا ہی یہ دعا اللہ سے ہر دم قلق بخش دینا بہر پیغمبر برائے بوتراب	**بائے موحدہ**

ہمکو ازل سے آج تلک غم ہا نصیب
رحمت کے نام سے بھی نہین آشنا نصیب

سمجھ جو ہمکو ہجر بتان کا ہوا نصیب
دشمن کو بھی یہ رنج نہوا ے خدا نصیب

ہمسے کجی فلک کی ہمیشہ چلی گئی
اک روز بھی ہمارا نہ سیدھا ہوا نصیب

ختم اُس نگار پہ ہی سب انداز دلبری
حور و پری کو کب مین نا یہ ناز و ادا نصیب

اکبار اُن سے اور کرو نگا سوال وصل
بخاے دشمن کچھ کہ بگڑ جائے یا نصیب

[illegible]

خضاب بالون پہ ہوتا نہین ہی پیری مین
عزیز کیون نہین پیری مین مکمو ے سیاہ

سیاہ بخت پہنتے ہین سوگوار شباب
کہ ابتو ہین یہی وچار یادگار شباب

کمال ضعف سے یہ ورد لب ہر آٹھ پہر
قلوح فدا ے جوانی قلوح نثار شباب

مجتث ۵۳

عاشق گیسو و قد تیرے گنہگار ہین سب
مستحق دار کے پھانسی کے سزاوار ہین سب

پاس اطبا کو ہے مایوس ہے ستار ہین سب
تیرے بیمار محبت کے بد آثار ہین سب

دل دہی کے بھی نہین طرز سے واقف اصلا
یہ حسینان جہان نام کو دلدار ہین سب

اب صورت ہی محبت مین تمہاری اے جان
اپنے بیگانے مری شکل سے بیزار ہین سب

ظلم صیاد سے مل جائے یکایک کیونکر
ہم اسیران قفس نالہ گرفتار ہین سب

حسن یکتا ے دو عالم ہے ترا اے دوست
تیری وحدت کے مقر کافر و دیندار ہین سب

ایک بھی ہاتھ نہ دل لیکے بنا ہین گے حضور
یہ زبانی ہی فقط آپ کے اقرار ہین سب

بے زبانی سے ہین مجبور نہین سن لیتے
قائل اس آبلہ پائی کے مرے خار ہین سب

نہ چڑھو فکر دہان و کمر یار مین تم
کوئی واقف نہین یہ غیب کے اسرار ہین سب

[illegible]

ادھر ادھر خراب ادھر ہم بھی ہین خراب
دل عشق ز نفس دنیع سے ہی کہین خرابیان
یارب ہوا خزان سے بیتر اچمن خراب
گلگون تری گلی ہے عاشق سے غرق
یادون سے تیری کر دیا گلشن مین خراب
بیہودہ گفتگو سے کیا کیون دہن خراب
دشمن جان سلطے خوبان جفا کار ہین سب
دوستی کر کے فلک ان سے بہت
اہل زر

[illegible]

بنا ہی کان کا اس ماہرو کے بالا سانپ
یہ حلقہ مار کے بیٹھا ہی پاس پانی کے
نکال لاتا ہی جو جھٹ سانپ والا سانپ
مین ڈرتے ڈرتے گیا ہون [illegible] زلف یون پیدا
[illegible] دشمن جانی بغل مین پالا سانپ
[illegible]

مٹی نہ ہو یہ عاشق خانہ خراب کی	مٹی کے عطر سے نہ کرو پیرہن خراب
کس درجہ ہجر یار مین ای موت دیر کی	رکھے ہی رکھے ہو گیا میرا کفن خراب
بن جائیگا جو خط وہ مرا رشک آفتاب	سورج کی ایک روز یہ ہوگی کرن خراب
زلفین چھٹین جو انکی کھلا پیچ و تاب سے	رونا تھے تیرے واسطے ہوگی رسن خراب
ظالم نے عیش باغ کو غمخانہ کر دیا	یارب اسیطرح سے ہو چرخ کہن خراب
گل مین نہ باغبان ہین نہ بلبل کے چہچہے	کیسے پڑے ہوے ہین چمن تیرے چمن خراب

ردیف	تھوڑی جگہ تو مرے کو اسکی گلی مین دو مٹی کرو قلق کی نہ ای جان من خراب	بای فارسی

تمھارا فنی گیسو تھا آگے کالا سانپ	بنایا کس لیے افشان نے کوڑیالا سانپ
خیال زلف مین ہم نے نہ وہ نالے کیے	ہر ایک روزن دیوار سے نکالا سانپ
رقیب چھوتا ہی زلف سیاہ جانانکو	خدا کرے کہین ڈسجائے اسکو کالا سانپ
ہوا ہون خاک کسی لگ کی یاد کاکل مین	کلال تو مری مٹی کا بھی بنا لا سانپ
نہ اسکے کاٹے ہوے جیتے ہین نہ مرتے ہین	تمھارا گیسوے مشکلین بھی ہی نرالا سانپ

[illegible]

درماندونکا ہی کون بجز تُجھکے دستگیر
بھر ردسیہ کی ہی یہ عادقت نازپرس

اپنے ایا ہی جو تکو وہ لینگے بناہ آپ
رکھیگا اپنے لطف و کرم پر نگاہ آپ

اُلفت کا کیا یہی ہی نتیجہ جہان مین
عاشق کو قتل کرتے ہین کیون بیگناہ آپ

دل دیکے بحر فکر مین ہی غوطہ زن عبث
دریائے عشق کی نہین پا ئینگے تھاہ آپ

ردیف تاے فوقانی

عزم سفر تو ملک عدم کا ہی ای قلق
کچھ اپنے ساتھ لے بھی چلے زادِ راہ آپ

دشمنِ جان ہین مرے شوخ پریزاد بہت
تشنۂ خونِ گنہگار ہین جلاد بہت

کہین شیرین سا حسین تو نظر آئے کوئی
اب بھی سر دینے کو موجود ہین فرہاد بہت

بیگناہی نے پس قتل اثر دکھلایا
ذبح کرکے مجھے رویا مرا جلاد بہت

دل جو دینا تو حسینونکو سمجھ کر دینا
عشقبازی کی بُری ہوتی ہی افتاد بہت

ابھی کچھ قدر شباب آپکو ای جان نہین
تھوڑے دن مین یہ دن کیجیے گا یاد بہت

شجر ظلم نہین پھولتے پھلتے دیکھا
جور مجھپر نکرا ہے بانیٔ بیداد بہت

جن مین انسانیت ہی کم ہی معشوق بہت ہین
آدمیت نہین جنمین وہ پریزاد بہت

عشاق کب آرائش دنیا کے ہین پابند
آزاد تعلق ہین گرفتار محبت

مرکر غم گیسو مین ہوا ہمپہ یہ روشن
تاریکی مرقد ہی شب تار محبت

لیتے ائر سیر تو مول کسی لف کا سودا
ہین داغ جگر سکۂ بازار محبت

گل داغ ہین اس باغ کے بلبل ہی تمنا
ہر چاک جگر ہو در گلزار محبت

الحول ہین کس امید پہ جان اپنی لٹاؤن
مشہور رہی بیقدری سرکار محبت

وہ عیسی دوران ابھی غیرونسے ٹھر جائے
جم جائے جو رنگ رخ بیمار محبت

بے پردہ وہ یوسف ہو تو حیران ہون خریدار
رخسار ہون آئینۂ بازار محبت

یہ خاک کا پتلا نہ اگر حوصلہ کرتا
کونین سے اوٹھتا نہ کبھی بار محبت

بیچ کے یہ مول لیا کرتے ہین سودا
کیونکر مین اپنے دلمین نہ دیتا انھین جگہ — قابل تو ونکے رہنے کے دیر و حرم نہ تھے

اورونکو تو شہید کیا تیغ ناز سے — کیا ہم کیے ہوے سر تسلیم خم نہ تھے

اسطرح شمع بزم نے طی کی عدم کی راہ — دیکھا تو راہ مین کہین نقش قدم نہ تھے

دلمین رہے جنون کی بدولت ہمیشہ داغ — ای عشق اس خزانے مین کب درم نہ تھے

اسطرح دلکو پھندے مین لانا نہ یاد تھا — آگے تمھارے زلف مین پیچ و خم نہ تھے

نالان تھے ہم جو ایک سہی قد کی یاد مین — نالے ہمارے سرو گلستان سے کم نہ تھے

جب تمنے آزمایا ہمین پایا سر بکف — منھ موڑ جاتے وقت پہ ایسے تو ہم نہ تھے

کھلجاتا حال سابقہ پڑنے سے مہربان — کچھ ہم مقابلے مین رقیبون سے کم نہ تھے

کچھ رحم بھی مزاج مبارک مین قبل تھا — ایسے تو آپ مائل جور و ستم نہ تھے

جانے بلا تمھاری جو صدمے گذر گئے — دن ہجر کے بھی روز قیامت سے کم نہ تھے

لیتا ضمانت اورونکی کیونکر مین آپسے — کیا معتبر حضور کے قول و قسم نہ تھے

اٹھی ہمین نہ یاد تھین امتحان کے وقت — آخر تمھارے چاہنے والون مین ہم نہ تھے

[illegible]

آتی بال سے بھی ہاں ہو باریک تر جس کی
چمن سے اُسکے ڈورے تک اُڑاوے جو رگ گل اکسو

قیامت مین نہ آ ساقی گذر جاؤ نہین اُس پل سے
ہوا کو کیا جلاوت تھی جو آئی خاک بلبل سے

قلق کچھ اور پڑھ اسمین یہ اہل بزم کہتے ہین
نہین ہم سننے پائے شعر سب تعریف کے غل سے

جب ان سے گل ہمسری کرتا ہی تیری دام کا کل سے
حنا و الکعلوف کنگھی کچھ پڑتی ہی سنبل سے

ہوائے گلشن عالم رہ انصاف اگر چلتی
جلاتی آشیانہ بلبلوں کا آتش گل سے

ستا ہی چلتے ہین در گاہ وہ سنت بڑھانیکو
سواری آج تو نکلی ہی اُنکی کس تجمل سے

صریر خامۂ رنگین رقم کیا لطف دیتی ہی
اُسنے نغمے جو کوئی تو مرے گلشن کے بلبل سے

نکلتا ہی جو اُمڑ ستک چمن تو سیر کو گھر سے
گلی کوچے مہک جاتے ہین تیری کفش کے گل سے

اگر فریاد رس کے کان تک پہنچے تو سن لینا
کوئی پھولا شگوفہ باغ مین فریاد بلبل سے

خزان ہو کر بہار حسن جو آیا پھر نہین آتی
ترقی کی نہین امید ہرگز اس تنزل سے

رہا کرتی ہی قرا قوت سے اُمین حسن کی دولت
زر گل کھو لنے پایا کوئی کب دامن گل سے

وہ دیوانہ ہون تیرا لائی پہ ہی جاؤن جو وحشت مین
گریزان شیر صحرا ہون گی زنجیر کے غل سے

[illegible]

جزائے خیر دے اللہ اُس سفاک عالم کو ۔ ۔ ۔ دے لگی لگی اُسنے بجھائی آب خنجر سے

ارادہ تھا کہ لین گے یہ عقل و دین بھی کھو کے ۔ ۔ ۔ گئے تھے لینے اُٹھے اور کچھ دینا پڑا گھر سے

بہت چھپائے ہین اُس سنگ دل کو دیکے دل اپنا ۔ ۔ ۔ مثل مشہور ہو یہ لعل کو پھوڑا ہی پتھر سے

بہت بد مست و رفتہ تاکتے ہین رند اِدھر ہی ۔ ۔ ۔ چھپاؤن دخت رز کو کیسے پردہ چشم ساغر سے

تو ہی اور شوخ بے پردہ اپنے دلمین ہی منصف خدا ۔ ۔ ۔ جو دیکھے نہ دم بھر حسین وہ دید گوہر سے

قطعہ سنتے ہی ایذائے شب غم ہو گئی دہشت
ڈرا تے تھے بہت واعظ عذاب روز محشر سے

بجائے اشک آنکھون سے لہو ہیم نکلتا ہے ۔ ۔ ۔ کے سینے مین شاید حسرت و نکا دم نکلتا ہے

دل ناشاد سے یون نالۂ پُر غم نکلتا ہے ۔ ۔ ۔ عزا خانے سے جیسے صاحب ماتم نکلتا ہے

بہت اُس شوخ کا آنکھین لڑانا یاد آتا ہے ۔ ۔ ۔ کوئی بادام بادامو نمین حب توام نکلتا ہے

جگہ دینا بہت دلمین نہ یاد نوک مژگان کو ۔ ۔ ۔ یہ وہ کانٹا ہے جو ٹوٹے جگر سے کم نکلتا ہے

یہ عیب حسن ہے جب وہ مخاطب ہمسے ہوتا ہے ۔ ۔ ۔ جو لب اُسکے حضور اپنی زبان سے کم نکلتا ہے

گذرتا ہی جہان سے جب بچھا رہی دید کا کشتہ ۔ ۔ ۔ تو اسکا آنکھون کے رستے سے اکثر دم نکلتا ہے

کر سکیگی مجھے میزان قیامت سبک
میرے پلے پر اگر آپکی رحمت ہوگی

دل بلبل کیطرح پھونک دے صیاد کا گھر
اتنی بھی آتش گل مین نہ حرارت ہوگی

سر محفل مری جانب سے شکایت نکرو
شرم آئیگی مجھے انکو ندامت ہوگی

ہمتو بیمار کے دم بھر بھی ہونگے جانبر
رنج ہجر انسے اٹھیگا جنھین عادت ہوگی

پوچھتا پھرتا ہون ایک ایک سے یہ مضطر ہون
زندگی مین مری صبح شب فرقت ہوگی

کب تلک ٹس سے مس نہ کا ٹرسی ہرجائی ہے
وحشت ہاتھ سے مر دنکے فضیحت ہوگی

اپنے بسمل کا نہ تسمہ بھی لگا رکھے گا
میرے قاتل مین اگر کچھ بھی مروت ہوگی

جب تلینگے مرے اعمال وہ تر دامن ہون
سرد سب گرمی خورشید قیامت ہوگی

شام وصلت ہے تو دھڑکا ہے مجھے فرقت کا
صبح ہوگی تو کہو کیا مری نوبت ہوگی

اتنی گھبرا کے کیوں اس دل مین مشقت نہ کرون
خواہش خلد مین مجھسے ریاضت ہوگی

جسقدر چاہین یہان مجھپہ وہ بیداد کرین
کیا مرے آنکے وہان بھی نہ عدالت ہوگی

خشک گر دامن تر مہر کرم سے ہوا
تجھسے شرمندگی اہل شکایت ہوگی

مین یہ جان بھی دون تو نہ سمجھون قریب
ان بتون سے نہ تھین امید محبت ہوگی

ای صنم تیری نزاکت سے یہ اندیشہ ہے
یون گیا پھاندکے اُس گھر مین ہی نگہت
کبھی قابو مین طبیعت ہے کبھی بے قابو
چشم میگون تری نت گرتی ہے گردشمین کبھی
کچھ نہین فکر نجات عمل بد انکو
بزم خوبان مین رقیبون نے جو مجھسے بگڑے
دل نے مجھے دیکے بلا اور بھی اک سر پہ لی

نہ کہین موے کمر سے ترے زنار اُلجھے
میرے دامن سے نہ خار سر دیوار اُلجھے
ہر گھڑی مرد سپاہی سے نہ تلوار اُلجھے
مست ہی چلنے مین جیسے مے رفتار اُلجھے
کسقدر جال مین دُنیا کے ہین زردار اُلجھے
صاف دو چار طرح دیکھئے دو چار اُلجھے
دام کاکل مین ترے ہوکے گرفتار اُلجھے

کبھی یکسو نہ ہوا گیسو و رُخ کا جھگڑا
سالہا سال **قلق** کا فر و دیندار اُلجھے

بنا کے رہ گئے ہم اک انجمن زمین کے تلے
گئے ہزار دن ہی غنچہ دہن زمین کے تلے
عدم ہی کوچ کی جا اور وہی منزل گاہ
گئے وہ دن کہ پہاڑ اُسنے کھود کر پھینکے

اگر مجتمع ہین سب اہل سخن زمین کے تلے
کھلائے چرخ نے کیا کیا چمن زمین کے تلے
مسافرونکے ہین وطن زمین کے تلے
پڑا ہی خاک مین اب کوہکن زمین کے تلے

[illegible]
بیچ چلی گئی [illegible] رات کی
وصل مین [illegible] نہ ہجر [illegible] اوقات کی
قلق [illegible] خاک مین سب [illegible]
[illegible]

[illegible] ادا ہی [illegible] شیرین سخن
[illegible] ذات کی
صورت طاؤس [illegible] برسات کی
[illegible] کی چھائی ہی [illegible]

سنہ ۱۲۸۴

[illegible]

طالب

۱۶۵ مخمس

طالب دیدار رخ ہو نہین تو وہ زلفین دکھائین
گر کھون ٹکی مین آنکھ تو وہ سمجھین رات کی

باتین سنوتا ہی سارے گگر خونکی دل اُنھین
نا آپ تی تھی کبھی جنکو نہ آدھی بات کی

ای قمر آغاز نو حسن خط پر کر نہ ناز
چاندنی رہتی ہی تھوڑی سی پہلی رات کی

ضبط آہ سرد گریہ سے نہ کیون دم پر بنے
سیج ہی کیا تکلیف دیتی ہی اُمس برسات کی

بیٹھتے کعبے ہی مین یاد بتون کرتے مقام
ای قلق کیا مفت تمنے رائگان اوقات کی

او آسمان مجھکے ذرا کچھ ملال دے
ظالم ہماری حسرت دل تو نکال دے

آغاز کا نہ دھیان نہ فکر مآل دے
سومن کو دے خدا تو بس اتنا خیال دے

جتنی محبت اُنسے ہی ہمکو اُنھین نہین
کیونکر کسی کے دلمین کوئی دلکو ڈال دے

شاعر طبع یان یہ ہم فکر شعر ہی
شمع سخن کو نور کے سانچے مین ڈھال دے

اُسکی جفا سے ہین وفائین مری سوا
یا تو مقر ہو یا وہ جواب سوال دے

خلاق آسمان و زمین مہر اگر کرے
مانند بدر ذرے کو اوج کمال دے

طاؤس و کبک کہتے ہین وہ دیکھکر خرام
اللہ دے تو شکل شہر چال ڈھال دے

[illegible]

چھپانے سے نہیں چھپتا ہے حسنِ دلکش عالم
کہیں ہو دیکھنے میں اچھی صورت آ ہی جاتی ہے

سکھا دیتا ہے اقبال آدمی کو نیک و بد آخر
یہ دولت ہے وہ شے شانِ ریاست آ ہی جاتی ہے

توجہ منعموں کی نفع سے خالی نہیں ہوتی
ہوا کے گوشۂ دامان دولت آ ہی جاتی ہے

ستم دیدہ جو ہیں وہ ذکرِ آفت سے بھی ڈرتے ہیں
قلق نامِ شبِ فرقت سے دہشت آ ہی جاتی ہے

حالِ پرسان کبھی بھولے سے بھی پیارے نہوے
غیر پیارے ہوئے تم حیف ہمارے نہوے

جائے انصاف ہے شکوہ نہیں اونا انصاف
غیر پیارے ہوئے اور ہم تمھیں پیارے نہوے

کب میں خسخانے میں سویا کہ نظر آیا تو یاد
کب رواں دیدۂ گریاں کے ہزارے نہوے

غرقِ اشکوں میں مرے کب نہوئی کشتیِ چرخ
ہمسرِ آہ کب آہوں کے شرارے نہوے

کونسے دن نہ بھرا دامنِ گلچینِ نگاہ
کب میسر گلِ عارض کے نظارے نہوے

تیری افشان پہ تصدق اُنھیں کرتا ہر دم
آسمان کے مرے قابو میں ستارے نہوے

غرقِ گردابِ بلا ہوتے ہزاروں غواص
شکر صد شکر وہ دریا کے کنارے نہوے

اے قلق تم رہو ثابت قدمِ راہِ وفا
خیر پاپوش سے وہ گرچہ تمھارے نہوے

[illegible]

کہو ہنگامہ کیوں برپا کیا ہی شور محشر نے
تھکے ماندے مسافر سوئے ہین پہلی منزل کے

چٹوری ہو گئی ہی قتل کر کے بخیہ مجکو
لعاب لگ گیا پھر منہ کو تیغ ناز قاتل کے

مجھے چشم سیہ کا اس پری رو کے جو سودا ہی
برنگ چشم آہو بن گئے حلقے سلاسل کے

تجلی بخش ہی اس شمع رو کا نور حسن ایسا
پتنگے بن گئے ہین کرم شب تاب اسکی محفل کے

تمنائے شہادت مین ہجوم جان نثاران ہے
یہ باری نوبت مقتل ہجوم سے تیغ قاتل کے

نہین ہوتی تسلی اس دل بیتاب کو حاصل
مری کشتی کبھی لیتی نہین احسان ساحل کے

ہمارے ساتھ کیا یہ بھی شب فرقت مین روتا ہی
ستارے ہین کہ قطرے اشک چشم ماہ کامل کے

ذرا او ساربان ناقے کو ٹھہرا تا ہو اے محمل
کہ خاک اک ناتوان کی بھی ہی پیچھے پیچھے محمل کے

پڑھی تھی کن نے یہ سر کٹتے ہین کب جانثار انکے
سر مقتل اترتے ہین تصدق تیغ قاتل کے

لگے دل اس ظالم سے کوئی حکم حاکم ہی
ڈھونڈھے پھرتا ہین شہر مین بیداد قاتل کے

حسینوں کے نہین بس مین ہمیشہ ہی تعلق اس سے
ہلانے ناز نے اٹھاتا ہی دل ناشاد ہم دل کے

وہ کشتہ ہون کہ تیغ ابرو نے چشمان جوہر سے
دم رخصت بہائے اشک خون میرے گلے مل کے

پھڑک جاتا ہی یہ عضو جب مجھے مجروح کرتا ہی
لگے ہین کیا تمہارے تیر مین پر مرغ بسمل کے

قطعہ

کلام جو حضرت کا ہو وہ فی سبیل اللہ ہی
بخیر جو ابر کرم سے کثرت محتاجان خلق
جسکو اوس نے راہ دی اوسکو خدا سے راہ ہی
اون رسل بیگانہ ہی اطاعت شاہ کی
اس زید شاہ منزل ہی کہ قربانگاہ ہی
تیغ ابرو سے ہوا جاتا ہی اک عالم شہید
ہمکو یہان حاصل طواف حج بیت اللہ ہی
حاجیو پھرتے ہین گرد کعبہ ابرو سے شاہ
ایک رشک آفتاب اور ایک رشک ماہ ہی
دونون رخسارون مین نور قدرت اللہ ہی
عید قربان بھی ثنا خوان شاہ عالی جاہ ہی

اپنے سایہ کے پہ غیرت مغرور ہو تو اسقدر — اسی ہما سلطان عالم اپنا ظل اللہ ہی

صحبت سلطان نے دل از بسکہ آئینہ کیا — سادہ رو یوں ہیں تبرک بندہ درگاہ ہی

ہمت و جود و عدالت کی صفت کیا لکھون — عدل کسری جود حاتم حکم نادر شاہ ہی

فی الحقیقۃ ہو زیارت سند گانی کا سبب — دولت دیدار سلطان یان زر تنخواہ ہی

طول گیسوے رسا کی ہو سکے کیونکر صفت — جسکے آگے رشتہ عمر خضر کوتاہ ہی

جانتے ہین شاہ کے جانباز جانبازی کو کھیل — جنگ کا میدان بھی گویا ایک بازیگاہ ہی

جان کسکی ہی جو ٹھہرے روبرو ہنگام غیظ — شیر گردون کو بھی عزم حیلۂ روباہ ہی

شل موسی غش کرین کیونکر نہ خوبان جہان — عشق منزل طور کے جلوت تجلی گاہ ہی

قطع

دلسے ہوئیں جان نثار جان عالم اسی — نیت خالص سے بندے کی خدا آگاہ ہی

مبتلاے ستم و حسرت و آلام رہے — شاد دو دن بھی نہ ہم اے غم ایام رہے

ساقیا ایک ہمین تلخی جام رہے — مست دور ہین ترے خاص سے تا عام رہے

عمر بھر محو رخ و زلف سیہ فام رہے — کبھی کافر تو کبھی صاحب اسلام رہے

داستان فرقت جاناں میں کہوں کیا اپنی
[illegible]

نہ دی فرصت اُسے آرائشِ زلف و رُخ نے
منتظر یار کے ہم صبح سے تا شام رہے

چمنِ دہر میں ہاتھ آیا کرے صیدِ مراد
دوشِ صیاد پہ تا گیسوؤں کا دام رہے

بعدِ مردن بھی فلک درپئے آزار رہا
ہم تہِ خاک بھی اک دن نہ با آرام رہے

نہ بجز حسنِ دلآرام ہو ایسا ہی شوق
دلکو مجھسے نہ مجھے دل سے ذرا کام رہے

دلکو خواہش نہ کچھ اور بجز بادۂ شوق
نشۂ الفتِ ساقیِ گل اندام رہے

دشتِ کہسار میں دھوم ایسی مچا او وحشت
قیس و فرہاد کا باقی نہ ذرا نام رہے

قرض دے لینا بہار آتی ہے مفلس ہو بہت
میفروشوں سے یہ داد و ستدِ وام رہے

سوکھے ٹکڑوں پہ بسر کرتے رہے اہلِ خشک
عیش میں مست سدا رندِ مے آشام رہے

باغِ عالم میں بہشت ہے یہیں اے ساقی
تو بغل میں رہے کیفِ مئے گلفام رہے

اپنی تربت سے اُگا سنبلِ تر مر کر بھی
بستۂ سلسلۂ زلفِ سیہ فام رہے

فیض جاری رہے عالم میں ترا او ساقی
تو رہے اور زمانے میں ترا نام رہے

ایک دن کوٹھے پہ آکر نہ جھلک دکھلائی
نگران دیر تلک ہم طرفِ بام رہے

مرتے دم دعوئ اسلام ہے سبحان اللہ
زندگی بھر تو قلق بندۂ اصنام رہے

۱۶۹ [illegible]

داستان کس سے کہے بلبل شیدا اپنی
[illegible]

جہان بیکار دور آسمان ہی
ہمارا خاتمہ بالخیر ہوگا

وہ قاتل تیرے کوچے کی زمین ہی
پیمبر اپنا ختم المرسلین ہی

جدا جبسے مرا جان جہان ہی
نہایت دل قلق اندوہگین ہی

بوسہ لون چشم مست کا وقت خمار ہی
پستان یار کا بھی قیامت اُبھار ہی
دل اپنا بلبل چمن روے یار ہی
سرسبز خط سے کیا چمن روے یار ہی
جلتے ہین بعد مرگ بھی ٹھکرا کے قبر کو
آنکھون مین ہو یہ تشنۂ دیدار ہون کمال
اے گریہ چشم تر کی حفاظت ضرور ہی
نیرنگ دھر سے نہین حیرت زدہ نگوڑ
سمجھ مژہ سمجھ کے ہین آمادۂ خلش

ساغر چڑھاؤن نشۂ مے کا اُتار ہی
گویا نہال قد شجر میوہ دار ہی
یہ باغ وہ ہی جس مین ہمیشہ بہار ہی
ہی طرفہ ماجرا کہ خزان مین بہار ہی
ہم خاک مین ملے انھین ابتک غبار ہی
پیاسی ہی گو صدف مین گہر آبدار ہی
یہ کاسۂ گدائی دیدار یار ہی
تصویر کے چمن مین ہمیشہ بہار ہی
کانٹونکو میرے آبلۂ پا سے خار ہی

لینے مین جس کے لگے تو عجلت کمال ہی
گرم خرام ہونگے اگر صحن باغ مین
سینہ سپر ہین عاشق جانباز سیکڑون
ابکی تو ہجر یار مین ہم گو رچھانک آئے
ای شہسوار ناز یہ عشا ہی بار بار

دینے مین لقمہ وصل کے برسون جھکائین گے
انگار دبیزدہ کبک چمن کو لٹائین گے
تیغ نگاہ ناز وہ کب آزمائین گے
جیتے ہین تو کسی سے نہ پھر دل لگائین گے
تیرے سمند حسن کو ہم خود بنائین گے

قطعہ

ہم کیون اطاعت انکی کرین فائدہ
کیا یہ بتان دہر خدا سے ملائین گے

جدھر سے ہو کے ای خورشید رو ہم تم بہم نکلے
نہ تھے آگاہ ہم جو سے خانہ نشینی مین
حرم مین بھی تمنا تھی زیارت ہوگی جی بھر کے
لیے ہے ہم وضع کیا بت جیتے جی جو نہین بھی
کیا جب امتحان قاتل نے اپنے سرفروشونکا
مقابل کرکے اُنسے جوہری سب خوب پرکھے

ہزارون شکل سے بسمل ہو کے لاکھون کے دم نکلے
نکالے پانوٗن ہمنے گھر سے جب باہر قدم نکلے
الم لاکھون اُٹھائے ہم نے جب انکے علم نکلے
نہ اپنے خانۂ زنجیر سے باہر قدم نکلے
رہا یا لا اُنھین کے ہاتھ جو ثابت قدم نکلے
گہر پیش دُرِ دندان بہت قیمت کے کم نکلے

یقین ہے حشر اُس دن مجھے مضطر کی بھی عرش لیگا
تو اُسکے آڑے آیا ہے تجھے جس نے پکارا ہے

سراسر ہو گیا یان سودائے زلف یار مین یہ دل
تجارت مین متاع عشقبازی کے خسارا ہے

وصال اک سمت محرم آخری خواب مین دیکھا
فراق یار نے کیا کیا ہمین ترسا کے مارا ہے

الٰہی کس پہ تیرے رندہ درگاہ کو حسرت
جسے تو نے بگاڑا ہے اُسے کسنے سنوارا ہے

بلا صبح شب وصلت نہ کر اتنا غم فرقت
ابھی تھا تیرے پہلو مین ابھی تو وہ سدھارا ہے

نہ قتل اُسنے کیا تو آپ کاٹینگے گلا اپنا
قلق قاتل سے اپنے آج ہی بس دارا نیارا ہے

وہ پری جان بھی لے لے تو گوارا کیجیے
نقد دل بھی ہے کوئی جان جو پیارا کیجیے

موت جانیکا بھی احسان گوارا کیجیے
آج جلاد کا جی بھر کے نظارا کیجیے

جان ہونٹھون پہ ہے وقفہ نہ خدارا کیجیے
عیسی لب کو ذرا اپنے اشارا کیجیے

چشم زخم آپکی شمشیر نگہ سے ہے دور
سر عاشق جو تصدق مین اُتارا کیجیے

ہم وہ ہین عاشق جانباز انھین قصہ مونکی قسم
سر ابھی کاٹ کے رکھدین جو اشارا کیجیے

چشم باطن اگر اعجاز تصور سے کھلے
بند آنکھین رہین اور اُنکا نظارا کیجیے

صفحہ ۱۷۳

ایک دن مجھ سے اپنے نہ خوش ہو کر ملے
خاک مین سارے مرے ارمان اے دلبر ملے

کیا وہ خوش قسمت ہین جنکو تجھ سے دلبر ملے
ہم کو تو بے مہر بد خو بیوفا اکثر ملے

اسقدر مشتاق قتل قاتل عالم ہین ہم
عید قربان ہو گلے سے گر ترا خنجر ملے

حد سے بڑھکر عجز بھی انسانکو کرتا ہے خراب
کی اُنّے سر کشی جس سے بہت جھک کر ملے

قامت موزون جانانکا جو مین دیوانہ تھا
خاک سے میرے بگولے سرو قد ہو کر ملے

لکھ چکا جب اُس سپہر حسن کو مین خط شوق
چاند اور سورج لفافے کیلیے دو نیر ملے

پائی جنسیت جو صحرا گرد لاغر مین ترے
بید مجنون جب ملے مجھسے بہت جھک کر ملے

کیا چمک افشانکی سہرے مین سیاہ یار پر
اس سپہر حسن کو کس نور کے اختر ملے

اب سے اتنا تو دکھایا جذبۂ دل نے اثر
آپ ہی روٹھے وہ مجھسے آپ ہی آ کر ملے

ہم وہ منصف گلشن عالم مین ہین اے باغبان
دین کفن بلبل کو پھولونکی اگر چادر ملے

رند مشرب وہ ہین کوثر پر بھی یہ چلائینگے
کوئی ساغر ہمکو بھی یا ساقی کوثر ملے

وصف معراج شہ مرسل کا جب عازم ہوا
میرے مرغ فکر کو جبریل کے شہپر ملے

کھینچ سکے موے میان یار کی اُس سے شبیہ
میرے بہزاد تصور سا جو صورتگر ملے

[illegible]

ہمیں بخشے نہ بخشے وہ خجل کیا مرضی میں اُس کی	وگرنہ اسکی ہمت کو تو درکار اک بہانہ ہے
ہمیں سارے ہتھے ہیں زخم اک جن کو نشتر تو کیا	ہمدرد و لیتے لگے یار کا وہ آستانہ ہے

عنادل کی صدا کیا بوم بھی ہے جس جگہ عنقا
قلق اُس گلشن ویران میں اپنا آشیانہ ہے

قفس میں درد سے نالہ و فریاد کیا کیجیے	پراگندہ دماغ نازک صیاد کیا کیجیے
قفس میں ہم صفیران چمن کو یاد کیا کیجیے	دل ناشاد کو دم بھر کی خاطر شاد کیا کیجیے
ہزاروں قتل کر ڈالے ہمیں سے کیا عداوت ہے	قضا اپنی نہو تو شکوہ جلاد کیا کیجیے
غنیمت تم نہ سمجھا مجھ اسیر نغمہ پیرا کا	کسی سے شکوہ بے قیدی صیاد کیا کیجیے
نہ رحم کرکے عاشق پر وہ بت یہ ہنسکے کہتا ہے	گلے لگ جائیے بوسہ فقط امداد کیا کیجیے
ترے مجنوں کی فصد میں لہو ٹپکتا ہے اسکو سودا ہے	تجویز ہے علاج وحشت فصد کیا کیجیے
دکھا دیتے ہمارا کچھ بھی لب پر لیں اگر جلتا	اگر مجبور ہیں اودیا بیداد کیا کیجیے
دم عرض ہائے سنکے وہ صیاد کہتا ہے	گرفتار آکے جو خود ہوے آزاد کیا کیجیے
طلسم نوجوانی تھا عجب یک وقت او پیری	زمانہ خود فراموشی کا اپنے یاد کیا کیجیے

[illegible]

خاطرِ پیرِ مغاں توڑتے بہرِ واعظ	توبہ می کی نہ کھاتے جو قسم کیا کرتے
باز گشت اُنکے سوا اور کہاں تھی میری	تجھسے مجرم یہ نہ کرتے جو کرم کیا کرتے
دشت میں قیس سے شوریدہ سری گھر رہ گئی	معرکہ تھا جو بڑھاتے نہ قدم کیا کرتے
جان ہونٹھوں پہ تو آ آ گئی دم گھٹ گھٹ کر	ورنہ تم اس سے سوا ناک میں دم کیا کرتے
کونسا خاک درِ میکدہ پر لطف نہ تھا	ہم خرابات نشین مسندِ جم کیا کرتے

جان دی عشق میں اُس شوخ کے تنگ آکے قلق
یہ نہ کرتے تو بتاؤ تمھیں ہم کیا کرتے

ادھر سے جاتے ہیں ور آنکھ جو چرائے ہوئے	اُنھیں کا تیرِ نگہ ہم ہیں دل میں کھائے ہوئے
ہمارا کاٹ کے سر وہ کمال نادم ہیں	کھڑے ہیں دور سے مقتل میں سر جھکائے ہوئے
عنبر و عنبر و مشک و بنفشہ و ریحان	تمہارے سبزۂ خط پر ہیں زہر کھائے ہوئے
سرائے دہر یہ دم لینے کا مقام نہیں	عدم کے قافلے والو قدم بڑھائے ہوئے
ہماری خاک کی حسرت تھی پائمالی اُس وقت	چلے جو ناز سے وہ پائنچے اُٹھائے ہوئے
تمہارا کشتۂ مژگاں کوئی نہیں بچتا	یہ تیرِ ظلم ہیں کس زہر میں بجھائے ہوئے

کس جبین سے گذرتی ہے ندامت کی
خوف خزان سے سوکھ گئے خار کی طرح
وہ رند جلوہ کش ہین کہ ہمنے بدا بدی
جھنے وہ بات بات پہ ہمسے بگڑتے ہین
سینہ سپر وہ ہم ہین کہ قاتل نے بارہا
سب بکف ہین فیصلے ہو کون سرخرو
چشمان یار جو ہین مستی مین کسقدر
لایا نہ کچھ جواب پیام او پیامبر
ڈالی ہے اپنے جلوے پر آنکھ اُسنے بارہا
بچتا ہے چھیڑ کر سر بازار ہم اُنھین
بوسہ دیا کبھی تو جلانے کے واسطے
گرمی عشق دیکھ ہوتے تر بغیر غسل
خالی ہے ہو رہین امن طفلان جو ہے جنون

سوتے ہین خشت خم کو سرہانے دھرے ہوئے
جب موسم بہار مین کچھ ہم ہرے ہوئے
خالی کیے ہین خم کے خم اکثر بھرے ہوئے
گھونٹے لیے اتنے وہ نہ کسی ان کھرے ہوئے
خالی کیے ہین ہمیہ تمنچے بھرے ہوئے
قبضے پہ ہاتھ ہے وہ ستمگر دھرے ہوئے
کھایا یہ ہرن ہین سبزۂ مینا چرے ہوئے
گھنگنیان تھے منھ مین وہ اپنے بھرے ہوئے
ہین چاندنی کا کھیت یہ آہو چرے ہوئے
دو گھونٹیان مُنا مین وہ ایسے کھرے ہوئے
دو چار چُگلیان ہو مین کچھ غرغرے ہوئے
حمام دل کے ایسے بلند ابھرے ہوئے
دامان کوہ مین تو ہین پتھر بھرے ہوئے

[illegible]

بہار گل میں سودائی ہوا ہوں اُسکی زلفوں کا
بجا ہے عشق پیچاں سے سر مشکیں اگر باندھے

میں وہ برگشتہ قسمت ہوں کبھی گر جائے تیر اسکا
نشانہ طائر دل کا جو وہ ناوک نظر باندھے

بگولہ بنکے خاک قیس و فرہاد آئے سوبت کو
ترا دیوانہ کو وہ دشت میں سیلاں اگر باندھے

غبار کوچہ کاکل ہوئی ہی بعد مرنے کے
ہوا اپنی ہے میری خاک کیونکر اسقدر باندھے

رُخ انجام کو آئینہ آغاز میں دیکھے
تصور دم کا دانے سے طوطی پیشتر باندھے

جو میں نے دوستی سمجھی حسب عادت بھی تو فرمایا
نہیں بیجا جو ہر اک بات کی انسان اگر باندھے

غم شادی میں جلت میں ہوا ہو نہیں عجب کیا ہے
جو سہرا آنسوؤں کا وہ سر تابوت پر باندھے

ہزاروں سر کے بل جانباز تیرے پار اُتر جائیں
سر بحر فنا تیغ جہازی پل اگر باندھے

دل بیتاب ہے آزاد دنیا کے بکھیڑوں سے
جہاں میں طائر قبلہ نما کے کس نے پر باندھے

پڑیگا سابقہ جسدن تو کھل جائیگا حال اُنکا
رقیب اپنے پُناہ ہے بیٹھے ہیں تیغ و سپر باندھے

دیا خط دیکھے کیوں پیغام اس بجرم پر اُسنے
زباں پر تو چڑھائی جانب ست نامہ بر باندھے

چمن میں چاندنی کے پھول پہ صد برگ کا شک ہو
قلق زردی رخ عاشق کی رنگ اپنا اگر باندھے

[illegible]

نہین کھلتا دکھاتا ہو فلاک نیرنگ کیون ہم کو
قلق جیسے تماشائیکی بازیگر نظر باندھے

کچھ عرض حال کی نہین حاجت کریم سے
واقف ہو خوب وہ مرے حال سقیم سے

آئی نہ مل کے اُس گل تر کی شمیم سے
اتنا گلا ہو باغ جہان مین نسیم سے

جلنے سے میرے یار ہو خوشنود اگر مرا
سمجھون فزون جحیم کو باغ نعیم سے

وہ ہون فقیر مست تکلف سے عار ہو
بدلون کبھی نہ شال مین اپنی گلیم سے

پیر و تمھارے رکھتے مین آج اتنا دسترس
چاہین تو چھین لین ید بیضا کلیم سے

ہوتے نہین مطیع حسینان روزگار
توڑینگے اس طلسم کو ہم لوح سیم سے

درکار ہو نجف مین جو جاروب روشنی
عیسیٰ سے لین نفس ید بیضا کلیم سے

پیاسا ہون آب تیغ سے سیراب جلد کر
جلاد مُنہ نہ موڑ ثواب عظیم سے

کیونکر نہ بحکو ہو در گوش صنم عزیز
الفت خدا بھی رکھتا ہو طفل یتیم سے

جلتا ہون مثل طور ہمیشہ رشک سے ہنوز
کیا تجلیے مین باتین ہوئین تھین کلیم سے

ہو سیر باغ کوے صنم ہر کسے تا نصیب
کی ہر کے غبار نے سازش نسیم سے

کیا آج مبتلائے غم و رنج عشق ہون
ان حادثون کی ہون متحمل قدیم سے
ہوتا نہ شوخ بچھا مین فلاطون حکیم سے
وہ شوخ بچھا ب اگر ہم کلام ہو
نکلے کلام بھی نہ زبان کلیم سے
جنت وصال یار ہو دوزخ فراق یار

ادب دیکھو جو سوے دشت جاتا ہو غبار اپنا	بگولا پیشوا لینے کو بیتابانہ آتا ہے
تمہارے نقش عارض کے جو عاشق ہین سبب یہ ہے	ادب کرتے ہین بیرپا جو کوئی دانا آتا ہے
ہمین بھاتی نہین یہ حجتین شیخ و برہمن کی	پسند طبع اپنے مذہب رندانہ آتا ہے
جو پامالی سے بچتا ہے تو پایا مارا جاتا ہے	مری قسمت کا حب نشو و نما پروانہ آتا ہے
تو وہ ہے شمع بزم گل رخان اے قاتل عالم	تری محفل مین سر پہ کھیل کر پروانہ آتا ہے
دل وارفتہ پر آ چلا ہے کیف اس بت کا	مجھے کعبے کے استقبال کو بتخانہ آتا ہے
جلو مین لشکر طفلان تماشائی ہے کل عالم	تری شوکت تیرا ہو پری دیوانہ آتا ہے
گزند سنگ مرا اُسکی گلی مین پھانکھا ہے کو	رقیب روسیہ مثل سگ دیوانہ آتا ہے
وہان بستی بسانے مین ترے دیوانہ اُلفت	نظر جب غربت گردمین کوئی ویرانہ آتا ہے

جلانے کو فقط ان واعظان خود فضیحت کے
قلق کعبے سے اُٹھکر جانب بتخانہ آتا ہے

کس کس ادا سے نعش مری پائمال کی	انکی خرام ناز نے کیا مجھسے چال کی
کیا کیا صفت بیان ہوئی نخل نہال کی	جوبن ہے یہ بہار ریاض جمال کی

چاہنے والا طرح دار بنا دیتا ہے
کون کہتا ہے کہ [illegible] ہیں خوش انداز حسین
تمہارے عاشق کے [illegible] دیتا ہے
میرا ساقی وہ کہ ہوش رُبا دیتا ہے
بادشاہی بھی جو دیتا ہے خدا دیتا ہے
[illegible] انسان کو [illegible] دیتا ہے
ہستی میں عجب شے [illegible] دیتا ہے
کتنی ہے قلق [illegible] مری روح
پروانہ و شمع و گل و بلبل ہم کو
پھولوں میں [illegible] سوختہ [illegible]

منتو کو نہیں نعمت میں یہ لذت حاصل
سو طرح کا جو توکل کا مزا دیتا ہے
ہمیں سو طرح کی قدرت ہے وہ مجبور نہیں
چاہتا ہے تو مقدر سے سوا دیتا ہے
تیغ قاتل مری گردن سے لپٹ جاتی ہے یوں
جیسے بچھڑے کو گلے کوئی ملا دیتا ہے
شور قلقل [illegible] صنم حشر خرام

۱۸۰

شاہ و گدا ہیں دونوں اسیر ہوا و حرص	کمل کی فکر اسے ہے تو اُسکو ہے شال کی

آمد سنی جو انکی تو کس ذوق سے **قلق**
طیاریاں کین صبح سے شام وصال کی

ہم پر جو وہ کھینچے ہوئے تیغ دو دم آئے	چلا کے اجل بولی کہ ہشیار ہم آئے
تھا خوف کہ گھر گھر کہیں پڑ جائے نہ ماتم	درگاہ تلک اُن کے بمشکل علم آئے
امید کوئی فاتحے کی اس سے رکھے خاک	ہمراہ جنازہ بھی نہ جو دو قدم آئے
شاہونکی طرح شہر میں صحرا کے جنوں سے	پیٹتے ہوے ڈنکا سر بازار ہم آئے
سرگرم رہ دشت جنوں ہے کوئی ہما سا	کیونکر نہ قدم لینے ہمارے ورم آئے
محتاج تہِ خاک ہیں اک سورہ قل کے	شاہونکے نہ کچھ کام نشان و علم آئے
حجت ہے نکیرین کی اُلجھا جو لحد میں	مولا کی صدا آئی نہ گھبراؤ ہم آئے
دکھلایا نیا شورش خلخال نے عالم	بیجان تو زندہ ہوئے مردو نمین دم آئے
نرگس کو نہ اُن آنکھوں سا آیا کوئی افسون	سنبل میں نہ اُن گیسوؤں سے پیچ و خم آئے
اب منفعل ہیں جو رہیں ہنگام عیادت	آئے بھی تو دم دینے کو وہ مرتے دم آئے

[illegible] دیتا ہے
[illegible] جب آتا ہے
[illegible] دیتا ہے
[illegible] دیتا ہے
صبح دم [illegible] سر جبین
[illegible] دیتا ہے
[illegible] بلبل [illegible] نہیں
[illegible] دیتا ہے
[illegible] جان [illegible] دیتا ہے
[illegible] دیتا ہے
جب غزل پڑھتا ہے اک باغ کھلا دیتا ہے **قلق**

عشق عشاق کو تعلیم وفا دیتا ہے
طرز بیداد حسینون کو سکھا دیتا ہے

پہلی منزل ہی کڑی غافلو رہنا ہشیار
یہ جرس قافلے والون کو صدا دیتا ہے

کوئی آئین وفا اُٹھ نہین سکتا اس سے
کون دلکو ادب عشق سکھا دیتا ہے

قتل کر ڈالیگی آرائش قاتل اک روز
بوے خون کی وہ رنگ حنا دیتا ہے

خضر شوق ہمارے دل سودائی کو
راستہ کوچۂ گیسو کا بتا دیتا ہے

جب گھٹا اُٹھتی ہے تو بادۂ گلگون سے ہمین
کرم پیر خرابات جھکا دیتا ہے

گرم بازاری خونریزی سفاک رہے
تیرا جان باختہ یہ جیتے دعا دیتا ہے

اور تو رندون سے چلتا نہین بس واعظ کا
دختر رز کا مگر عیب لگا دیتا ہے

سچ ہے خورشید قیامت مین غضب ہوگی چمک
شاہدی یار کا نقش کف پا دیتا ہے

کار آب گہر سے لیتا ہے جو وہ چاہتا ہے
دانۂ سوختہ کو نشو و نما دیتا ہے

کسی نعمت مین نہین پاتے ہین ایسی لذت
بوسہ جو اُن لب شیرین کا مزا دیتا ہے

آسمان سے بھی سوا کوئی ستمگار نہین
حسرتین خاک مین سب دلکی ملا دیتا ہے

دل غم کو جو چھیڑو تو وہ کیا نالان ہے
جام خالی کو بجاؤ تو صدا دیتا ہے

طالع مین ہمسے وصل ہو اُس ماہ سے نہین
احکام سب خلاف ہین اہل نجوم کے

کھٹک گیا ہی جب سے نظرون مین رخِ گلگون پاک — ہر گل تر چشم بلبل مین ہر رنگ خار ہی

رحمۃ للعالمین پیدا ہوے ہین جس جگہ — ابر رحمت اس مکان کا سایۂ دیوار ہی

سنکے اُس کی شفاعت کا تولد ہولے سب — اب جہاز امت عاصی کا بیڑا پار ہی

دیکھکر اعجاز ہین ایسے پھر لائے نہ دین — سچ ہی کیا ان بت پرستون پر خدا کی مار ہی

دہر مین برسا ہی جب سے تیرا ابر تیغ عدل — سرد بازار فساد و فتنۂ اشرار ہی

رعب ہی ہے مائل اسلام کافر ہی نہین — لب پہ ناقوس کلیسا کے بھی استغفار ہی

جس سے تو راضی ہی شاہا اُس سے راضی ہی خدا — جس سے تو بیزار ہی اُس سے خدا بیزار ہی

ای سپہر دین نہین بیوجہ یہ اتنا فروغ — مہر و مہ مین بھی ترا اک پرتو انوار ہی

صاحب بینش تو کیا بھٹکے نہ دستہ کور بھی — راہ شرع پاک ایسی صاف اور ہموار ہی

حسن محبوب الٰہی کی پڑی ہی جب سے دھوم — تختہ بند اُس دن سے اب تک مصر کا بازار ہی

دوست جتنے ہین وہ ہین امیدوار باغ خلد — دشمنون کو آپ کے خوف عذاب نار ہی

معجزہ عشق قمر سے کوئی گردش پر نہیو — تیرہ دل کون اُس سے ہی افزون جسے انکار ہی

ور دمند ہین لب جانبخش کے مین ہی نہین — عیسی مریم بھی ترے عشق کا بیمار ہی

زلفین اُٹھاکے شوخی سے کہنے لگا وہ شوخ
اشعر بوجھ دونون گرے شانے رہ گئے

زندانیسے اُنکی سی نے کیے اور تورہا
ہمسے جو تھے اسیر وہ دیوانے رہ گئے

کی ہمسری جو گوہر دندان یار سے
مجوب ہوکے موتیونکے دانے رہ گئے

ساقی کا حسن دیکھکے میکش ہوئے یہ مست
ہاتھونمین سب کے ہوکے پیالے رہ گئے

اُس شعلہ روئے پھر لیے اُٹھا جو نہین نقاب
حیران شمع حسن کے پروانے رہ گئے

مندر کا جسمین جمع اکھاڑا تھا کل سو آج
دیدیکے رہنے کو وہ پریخانے رہ گئے

مسمار مسجدین ہوئین قسمت سے رندون کی
باقی خراب ہوکے میخانے رہ گئے

ہر دل عزیز وہ ہون ہوئے سب یک حال
اپنے تو کیا نہ وقت یہ بیگانے رہ گئے

فرہاد و قیس تو تھے ہی لیکن اے **قلق**
الفت کے اُنکی خلق مین افسانے رہ گئے

تصور رُخ و زلف سیاہ کسکا ہے
خیال آپکو شام و پگاہ کسکا ہے

دل اسیر ستم داد خواہ کسکا ہے
یہ صید زخمی تیر نگاہ کسکا ہے

الٰہی کونسا دل سوختہ کراہا ہے
فلک پہ چھایا ہوا دود آہ کسکا ہے

کسنے رندونکے سوا اسکو قبولا ساقی
دختر رز کی کہین سے نہ کبھی بات ائی

مسجدون مین جو نظر مجمع زہاد آیا
یاد کیا صحبت رندان خرابات آئی

کبھی بھیجا بھی تو بھیجا مجھے گلدستہ باغ
یار کے پاس سے آئی تو یہ سوغات آئی

درہم داغ تو بلبل کو دیے زر گل کو
فصل گل بلغین کرتی ہوئی خیرات آئی

تو بلیع وہ گلگون کی لنڈھادے تو بھی
ساقیا ابکی بڑی دھوم سے برسات آئی

مطلب دل کوئی اپنا کبھی نکلا نہ **قلق**
ان بتون کی نہ کسی کام ملاقات آئی

دفتر جو گلہ کے وہ صنم کھول رہا ہی
اغیار تو کیا دل بھی ادھر بول رہا ہی

انکار رہائی مین یہ دل بول رہا ہی
صیاد ستمگر مرے پر کھول رہا ہی

غیر نے مرے واسطے جو بول رہا ہی
آب در و مرا نہین وہ سم گھول رہا ہی

کس کس کا نہین طائر دل دام مین اسکے
طوطی خط عارض کا ترے بول رہا ہی

جامے سے ہوا جاتا ہی باہر جو ہر اک گل
کیا باغ مین وہ بند قبا کھول رہا ہی

شاہون کیطرح کی جو بسر دشت جنون مین
دیوانو نکا ہمراہ مرے غول رہا ہی

۱۸۵

کہدو یہ اطبا سے کہ تکلیف نہ فرمائیں | اچھا ہو دوا سے یہ وہ رنجور نہیں ہی

بیچشمی جانان کبھی آہو نہ کرے گا | نرگس کی طرح آنکھو نسے معذور نہیں ہی

دکھلا لیں فروغ اپنا مہ و مہر شب در و دن | بے پردہ ابھی وہ بت پرنور نہیں ہی

جز شکوہ سنا آپ سے بھی شکر نہ ہمنے | غمخوار کوئی آپ کا مسرور نہیں ہی

سُن سُنکے مرا تذکرہ کیون کاٹتے ہو بات | تم جس سے ہو نادم یہ وہ مذکور نہیں ہی

داد اپنی نہیں پاتے ستم دیدہ تمھارے | امروبادۂ زخمہ جسن یہ دستور نہیں ہی

پشتارہ خط شوق کا اُٹھے تو اُٹھائے | پیغامبر اپنا کوئی مزدور نہیں ہی

ملے مژۂ یار عبث کرتی ہی کاوش | سولی کے سزاوار یہ منصور نہیں ہی

ساقی کی توجہ ہی عبث خم و نپہ میرے | کھچتی ہی جس سے یہ وہ انگور نہیں ہی

کیون طور کے مانند جلاتے ہو دلو نکو | سرمہ جو لگانا تمھین منظور نہیں ہی

حل دیکھے کرین شکوہ بیداد ہی دلبر | ارباب محبت کا یہ دستور نہیں ہی

ملنا ہو تو ملنا وہ رقیبو نسے کرین ترک | یہ طرز ملاقات کا منظور نہیں ہی

یوسف سے حسین مول لیا کرتا تھا کل تک | گو آج قلق صاحب مقدور نہیں ہی

یہ جستجو ہے کہ رہین ہین ہوئی وقت
کہ بال سے بھی جو باریک تھی وہ راہ چلے

ہوئی یہ غیرونکے بخل کا فیصلے سماعت حال
در حضور سے محروم داد خواہ چلے

تری رکاب مین اے شہسوار حکم جو ہو
مرا غبار بھی ہمراہ گرد راہ چلے

کرم سے اُسکے تو امید ہی مگر یہ شرم
کہ پاک آئے تھے آلودہ گناہ چلے

کجی سے طینت ظالم بری نہین ہوتی
نہ سیدھی راہ کبھی افعی سیاہ چلے

چلا جو شہر سے صحرا کو مین وحشی ہوکر
تو مجھپہ خود بخود اڑ اڑ کے سنگ راہ چلے

یہ صید دل بھی ہی مشتاق اے کمان ابرو
ادھر بھی کوئی ترا ناوک نگاہ چلے

تمام عمر نہ لے نام رہنمائی کا
خضر اگر مرے دست جنون کی راہ چلے

جو لیچلا ہمین جلاد سوے قربان گاہ
تو اس خوشی سے چلے ہم کہ عید گاہ چلے

قلق خدا کا بھی ان ظالمونکو خوف نہین
بتان دہر کے ہاتھونسے داد خواہ چلے

گناہ گار چلے ہم کہ بیگناہ چلے
تو واعظ اپنی کہ اپنی تو ہم تباہ چلے

چلے جو واعظ و رند اپنی اپنی راہ چلے
سوے میکدہ وہ سوے خانقاہ چلے

شمیم کوئے گیسو یون ہماری لے اُڑین آہین — چمن سے نکہت گل جسطرح لیکر صبا نکلے

علاج درد دل چشمان بیمار اُن کی کرتے ہین — تماشا ہو کہ حاجتمند بھی حاجت روا نکلے

سعادتمند تو وہ ہو کہ ذرا شرم سے جھککر — ترے سائے سے دیکر سایۂ بال ہما نکلے

نہین ہو کوئی ایذا دو جھسا دشت وحشت مین — اُٹھا کر رکھ لون آنکھون پر جو کانٹا پانؤ کا نکلے

بجا کہتے ہین جو معذور کہتے ہین یہ دیکھا ہو — کمر سے پیچ جھٹکے کے تمھارے بارہا نکلے

ہمار ضبط گر تاثیر اپنی تجکو دکھلائے — ترے خود منھ سے تیری بیوفائی کا گلا نکلے

مذمت عضو کرتے تو ہو پر شرط بدتا ہون — اگر یہ بات جو ہے کوئی بڑھکر بار سا نکلے

عجب رنگین بیان ہو وہ زبان سے پھول جھڑتے ہین — دہان غنچے سے اُس گل کے آگے بات کیا نکلے

رہائی کیلیے احسان صیاد اب جو لین حاصل — قفس مین فصل گل کے بعد یہ نکلے تو کیا نکلے

وہ مومن ہون جو بسم اللہ کہکر اہ قلق توڑدون
شکست بت سے بھی اللہ اکبر کی صدا نکلے

ستم پر ہاکیے جسوقت بھولے سے بھی آ نکلے — ہماری جانکو تم تو ہلاکو سے سوا نکلے

سبکروحی ہماری ہوگئی باعث رہائی کا — جنون مین خانۂ زنجیر سے مثل صدا نکلے

بیگم ۱۸۷ عشق

انشا ہی مثل شیرہ جان کو نبات و شہد
لبین ثمر چاشنی ترے ہونٹھو نکی قند سے

دیوانگان عشق کی کٹتی ہین بیڑیان
غل ہی اسیر ہوتے ہین آزاد و بند سے

او چاہ ز مزار نہ ہر گز بنائیو
نفرت تھی زیست مین بھی مکان بلند سے

او شہسوار مرکے بھی چھوڑا نہ تیرا ساتھ
لپٹی ہی خاک دامن زین سمند سے

سونیکی بیڑیان مرے پاؤنمین چاہئین
وابستہ دل ہوا ہی ترے دست بند سے

کیا کیا کٹے ہین شرم سے وہ نونہال باغ
جو بڑھ چلے تھے یار کے سرو بلند سے

فردائے حشر اُٹھینگے وہی لوگ روسفید
داڑھی بڑھا کے بچگئے جو ریشخند سے

دلسوز تیرے ای صنم آتشین عذار
سیکھے ہین طرز نالہ سوزان سپند سے

نخوت ہمیشہ کرتے ہین نخوت شعار سے
ملتے ہین جھک کے ہمتو تواضع پسند سے

جاتے ہین میکدے سے جو ہم مست بیپیے
شیشے پکارتے ہین صدائے بلند سے

وہ مبتلا ہین زلف کے پیچ آدمی تو کیا
چھوٹے نہ پھنسکے دیو بھی اسکے کمند سے

او شہسوار لاکھ صبا نے اُڑائی خاک
ذرہ نکل سکے نہ تمھارے سمند سے

مجھسے جو دیکھا آنکھونکو اُسکے قریب لف
صید آہو دلگو کرتے ہین مشکین کمند سے

وہ کالا ہی منتر ہی نہین ہی جسکے کاٹے کا
نہ پوچھو کچھ جو تھا اُس لٹکی بیتابی کا حال اُسوقت
ذرا نادک دماغی وقت گلگشت چمن دیکھو
حقیقت مین بلا کی پیچ دیپیچ اسکی راہین ہین
دم فکر سخن لکھون اگر وصف اُسکی ابروکے
نہین تیوری ہی چڑھاتا دیکھکر زخم جگر ہردم
بلا شک تون خسار منور پہ مین آگدن
اگر منظور رحمت اُس دل سودا زدہ کی ہی
وہ بلبل ہون جو یاد آئین مجھے صیاد کی زلفین
ہوا ہین کس مسّی آلودہ لب کی تربتی ہی لالان

کبھی جا بہر کوئی موتی نہ دکھلا گیسو سے
کہ بزم غیر مین جب اُٹھ گئے وہ میرے پہلو سے
دماغ اُسکا پریشان ہوگیا پھولونکی خوشبو سے
کسی دلکو سلامت پھر تے دیکھا کوئے گیسو سے
قلم لون شاخ نرگس سے سیاہی چشم آہو سے
ہوا دیتا ہی قاتل دامن شمشیر ابرو سے
اتفاد لئے لیا ہی ہمنے تیرے مصحف رو سے
ہوا دیتا ہی قاتل دامن شمشیر ابرو سے
دم گریہ گلے مین پڑگیا ایک پھندا چھو سے
زبان گل سوسن کیون نہین لگتی ہی تالو سے

حباب آسا بہار عمر ہی بی لے مُرگلگون
فلق آواز آتی ہی یہ گلشن مین لب جو سے

چاہتا ہون کشش دلکی یہ امداد رہے
کہ مرا طرح مرے دام مین صیاد رہے

اتنا تو ضعف سے کوئی کھلتے سنا نہیں
یارب یہ کیا ہو گیا تن بے استخوان مجھے

گمنام ہون میں ٹامور یکا ہون خسرو نگار
درکار قبر کا نہیں اپنی نشان مجھے

باغ جہان میں طائر نکہت کی طرح سے
آزاد عشق ہون نہیں قید مکان مجھے

دل لیکے مہوشوں نے لیا نقد صبر و ہوش
لوٹا ہے رہزنون نے مع کاروان مجھے

ایمان سے لے اپنے تو ہی کیدے وعظا
بھائیگی کچھ یہ لوکے ہوتے جنان مجھے

سن سن کے درد دل مرا کہتا ہے پھر کہو
سمجھا ہوا ہے یار کوئی قصہ خوان مجھے

ہون نالہ کش ہر ایک بن مو سے مثل نے
الفت نے کر دیا ہے سراپا فغان مجھے

ایسا میں بار ہو گیا انکو پس فنا
احباب چھوڑے جاتے ہیں تنہا کہاں مجھے

کرتا اسیر گوشہ نشین چمن پہ رحم
صیاد دیکھتا تو مع آشیان مجھے

احسان ضعف ایکطرف اے جنون عشق
کانٹوں نہیں یہ کھینچتے ہیں مرے استخوان مجھے

حسن وفا دکھاؤنگا اُسوقت اے فلق
معشوق مل گیا جو کوئی قدردان مجھے

باقی نہ صحبت ایک دم اثبات رہ گئی
ثابت کیا جو اُسکا دہن بات رہ گئی

چند غزلین اور رباعیات اور مفردات جو حال مین تصنیف ہوئی ہین درج ذیل ہوتی ہین

غزل اول

خوے نازو دلفریبی جو صنم رکھتے نہین
کیسے ہی خستہ و ہون غیبت انہین رکھتے نہین

ای پری رو تیرے دیوانے ہین پابند وضع
خانۂ زنجیر سے باہر قدم رکھتے نہین

دیکھی ہی ہم تک تھا سارا شوق خونریزی انہین
تیغ اپنا وہ اب ہم پھر علم رکھتے نہین

اک نگاہ مہر تو کردیتی ہو ہم مین نہال
کون ہین وہ تجھسے جو چشم کرم رکھتے نہین

شیشہ کیطرح سے ہم بھی ہین نازک مزاج
بے بلائے بزم ساقی مین قدم رکھتے نہین

نفع ہو الفت کے شو ہین کہ نقصان صریح
ایسے موقع پر خیال بیش و کم رکھتے نہین

بات کرتے غیر سے دیکھین تجھین اور دین طرح
خوش ہو یا ناراض اتنا ضبط ہم رکھتے نہین

ساقیا ایسے ہین مستغنی گدائے میکدہ
خواہش جام جم و پروائے جم رکھتے نہین

ای خرہ حسن پہ ہر دم فلک پر ہی دماغ
مہربان اس زمین پر پاؤن ہم رکھتے نہین

غزل دوم

غزل سوم

[illegible]

واہ ری نازک مزاجی جسم ہی سب سے بجات
تجھسے بڑھکر کوئی معشوق اور ہم رکھتے نہین

عیش کرتے پھرتے ہین عہد جنون عشق مین
شادمان سب طرحسے ہین کوئی غم رکھتے نہین

کوچہ قاتل کو چلتے سر کے بھل پر کیا کرین
ضعف سے چلنے کی طاقت وہ قدم رکھتے نہین

حوصلہ ہمکو خریداری یوسف کا ہے آج
گو گرہ مین اپنے کچھ دام و درم رکھتے نہین

ایک خوش چشمی پہ نازان ہین اگر آہو تو کیا
وہ کمر وہ لوچ وہ ناف و شکم رکھتے نہین

قرض سے ہوتی ہے کسدن میفروشونکی نجات
پھر مو کب ہین سخت جسم ہم رکھتے نہین

یا شفیع المذنبین کوئی نہین ہین تیرے سوا
دوسرا کوئی وسیلہ اور ہم رکھتے نہین

لکھتے ہین جب خط شوق اسکو نہین ہوتا تمام
ہاتھ سے اپنے کبھی کاغذ قلم رکھتے نہین

ہمتو دیوانے ہین اسکے جو ہمارے دلمین ہے
شوق دیر و میل محراب حرم رکھتے نہین

کرتے ہین دعوے خدائی کا یہ پھر کس بات پر
خصلت بندہ نوازی تو صنم رکھتے نہین

ٹھوکرین کھانا جو ہے تقدیر مین لکھا ہوا
سرکشان دہر سر کو اسسے خم رکھتے نہین

اے قلق واللہ وہ ایمان سے ہین بے نصیب
دلسے جو لوگ اللہ رے شان و امم رکھتے نہین

[illegible]

[illegible]

دھرا نہین جگر دردمند عشق پہ ہاتھ
عدم سے آنیکا مطلب تھا کچھ اور مگر

سے سنا ئیکو کہتا ہی بار بار وہ شوخ
غرور حسن کہا تک چھپاتے پھریے گا منھ

کرونگا عرض یہ محشر مین جب طلب ہونگا
جناب پیر مغان کا کرینگے دھوم سے عرس

حضور گور پہ حاتم کی لات مار آئے
برائے سیر تماشائے روزگار آئے

کہ کوئی جا کے ذرا دیکھنا کہار آئے
بھرے قریب ہین وہ دن بھی ای نگار آئے

کہ تیرے آگے ترا کیا گناہگار آئے
ہم اپنے آپ مین اُس دن جو ایکبار آئے

سُنا ہی پھر **قلق** زار نقد دل اپنا
قمار خانۂ اُلفت مین جلکے ہار آئے

مجھے جو لوگ آکر دیکھتے ہین میرے بستر پر
ہمارے قتل کی نالش نہ کرنا اُس ستمگر پر

عزیزو جان دی ہم نے ہی چشم مست و لب پر
نہین چلتا کسی کا پیچ اُس زلف معنبر پر

ادائے تیز رفتاری بلائے جان عالم ہی
گمان تا رنگہ کا کرتے ہین اُس جسم لاغر پر

اُٹھا رکھا ہی ہمنے دعوے خون روز محشر پر
ہمارا فاتحہ دینا مگر گلگونکے ساغر پر

اثر کرتے نہ دیکھا سحر کو چشم فسونگر پر
لگے ٹکڑے ہین لاکھو نکے رے قاتل تے خنجر پر

اضطراب شب غم دیکھ کے میرا احباب
نوبت صبح سے ہر شام بجا دیتے ہین
[illegible]
کیا کہون لذت بیب وفا [illegible] دیتے ہین
چاہنے والے تو معشوق بنا دیتے ہین
حال عاشق ابھی کیا جانین نئے سیکھے ہین وہ
جو کہ شان کو دیوانہ بنا دیتے ہین
نظر رکھو پیر ازاد ہین وہ شعبدہ باز
سبز جیب [illegible] رنگ لگا دیتے ہین
جو ہنر مند ہین وہ [illegible] سبز کر دیتے ہین

مقطع اتنا کمان جو اُٹھ سکے در دولت	کیا بالفرض اگر سایہ ہلانے بھی سر منبر پر
وہ ہین فی ہی آبرو ای زاہد ہم میکدے والے	نماز آکر پڑھین قدسی ہمارے دامن تر پر
حبیب آگاہ ہو تا گر مئی اتنی پلائے ہجر انسے	کوئی اسپند تھوڑا سا چھڑک دے میر بستر پر
شب مہتاب مین ہو میکشی کی روز کیفیت	اگر مینا گلابی ساقیا ہو ساغر زر پر

یہ خود ہی کو دکان سنگ لیے چھیڑ کرتا ہو
قلق پتھر پڑین ایسے جنون فتنہ پرور پر

غزل چہارم

منہ سے منہ پیار مین اگر وہ ملا دیتے ہین	کشتۂ حسرت وصلت کو جلا دیتے ہین
جنس دل ہمکو انھین مفت لگا دیتے ہین	اسپہ بھی دیکھتے ہین ہمکو وہ کہا دیتے ہین
جب نقاب رخ انور وہ اٹھا دیتے ہین	جلوۂ قدرت اللہ دکھا دیتے ہین
اہل ثبات دل و جان خاصادق الاقرار ہین سب	منہ سے جو کہتے ہین وہ کرکے دکھا دیتے ہین
مائل قتل جو ہوتے ہین اسے تجھ بے عذر	پیش قاتل سر تسلیم جھکا دیتے ہین
ہمتو چیونٹی کو بھی تکلیف نہ دین تا مقدور	کون وہ لوگ ہین جو دلکو دکھا دیتے ہین

[illegible]

آزمانے پہ ہیں غش یہ نہیں اُٹھنا اس سے | جان نثاران وفا جان لڑا دیتے ہیں

خود فروشی سر بازار جو لاتی ہے انھیں
خلق اک بھیڑ خریدار لگا دیتے ہیں

متفرقات

لیا لب ہائے وہ گلرنگ سے دل کا پیالا ہے	وہ بیکس ہوں کہ جسنے خت زر کو گھر میں ڈالا ہے
کیا پوچھتے ہو مجھسے کہ کیون آبدیدہ ہون	معشوق نوجوان ہے تو میں سن رسیدہ ہون
چمن میں اُس صبا پوچھیں کبھی گر ہم اسیرونکو	سلام شوق کہدینا ہمارے ہمصفیرون کو
کیا عذر معصیت کے کرو نہیں حضور سے	واللہ شرم آتی ہے اک اک قصور سے
ہجوم اپنے مکان میں ہے جو شوق بید کا	ہوا ہے گوش بر مژدہ یہ کسکی آمد کا
قاتل کا نیچہ جو کئی بار اُچٹ گیا	میں سخت جان فرسنہ مت سے گھٹ گیا
کیا کیا نہ امتحان میں ہم سرخرو رہے	تیغ نگاہ یار تری آبرو رہے
وطن چھڑا کے وہ رخ اتنی انداز سے نہ ترمین	چلے ہیں لکھنؤ والے کنار ناز و نعمت میں
ناز سے پائمال کرتے ہین	پائمالون سے چال کرتے ہین

۱۹۵

وصل کی شب جو سحر تک وہ توقف کرتے
دولت حسن مین ہم خوب تصرف کرتے
رشک سے خلد بھی [illegible] جہنم ہو جائے
گر مقابل ہو [illegible] عالم ہو جائے
یہ رند و خمر رز کو خراب کرتے ہین
بجا ہے حرمت کیف شراب کرتے ہین
جنون کی گر ہوس ہو تو دو دن نصیب رہی ہو
بنا ہوا ہے گلشن [illegible] جیب
کرتے ہین سخت کالی وہ آئے دن
[illegible] دیکھے دن

کیونکر تو کریگا مجھے سوائے قیامت	صدقے کرلے ہی انجمن آرائے قیامت
کچھ غم نہین جو یار سے ہم سے بگڑ گئی	ہو جائیگا ملاپ جو تقدیر لڑ گئی
کیا کہیے آکے دہر مین کیا کام کر چلے	نام ایک مشت خاک کا بدنام کر چلے
کرینگا جو نہ کام تھا وہ کام کر گئے	فرہاد و قیس دونون بڑا نام کر گئے
ہو گئے وہ دن جو فدا رہتے تھے ہمارے احباب	آجکل دشمن جانی ہین ہمارے احباب
یاد مین اک کف رنگین کے جگر جلتا ہے	آتش رنگ حنا سے مرا گھر جلتا ہے
رحمت تری اے انجمن آرائے قیامت	ہونے ہی نہ دیگی مجھے رسوائے قیامت
جان الفت گیسوئے کس آفت مین پڑی ہے	جب دیکھیے ایک تازہ بلا سر پہ کھڑی ہے
پائی نہ اسکے ہاتھ سے رحمت جہان سے ہے	اس سرزمین پہ ہم رہین یا آسمان رہے
بیچ مین لوٹنے والے بھی غضب ڈھاتے ہین	آتش غیظ یہ لوگ اور بھی بھڑکاتے ہین
کس قیامت کی ادا ہے یار تیری چال مین	شور محشر کا ہے عالم شورش خلخال مین
ستم ہے مجھپہ کیا او بانی بیداد کرنا تھا	کبھی کچھ کچھ تو پاس خاطر ناشاد کرنا تھا
جو دو گھڑی کے لیے بھی وہ بام پر جاتے	نگاہ خلق سے شمس و قمر اتر جاتے

کھاتے ہین روز رنج فراق حبیب کا
یارب یہی ہے رزق ہمارے نصیب کا

رباعی

جب تک رہے زبان پہ جاری توبہ
کیا کی جو وقت دم شماری توبہ

[illegible] عنایت سے قلق
مقبول ہو جو نہین ان سے [illegible] جائے ہماری توبہ

رباعی

[illegible] سے [illegible] کرتا ہے
غفلت وہ وسیلہ مال کرتا ہے
[illegible] عنایت کا سبب [illegible]
کرتی ہو عنایت جو [illegible] کرتا ہے
[illegible] رحمت [illegible] کرتا ہے

رباعی

[illegible] جب کا نہین [illegible]
[illegible] ہے [illegible] سر [illegible]
[illegible] نہین [illegible]

رباعی

[illegible]

رباعی

[illegible]

رباعی

[illegible]

رباعی

[illegible]

۱۹۷ [illegible]

رباعی

[illegible]

ہردم نہ **قلق** نالہ و فریاد کرو		مالک جو تمھارا ہو اُسے یاد کرو
اب آتی ہو آواز یہ انشاء اللہ		قید غم و ہم سے اُسے آزاد کرو
	رباعی	
سرزد ہوے ہین مجھسے جو عصیان عظیم		اس تیغ الم سے جگر و دل ہو دو نیم
برمن منگر بر کرم خویش نگر		مجرم کوئی مجھسا ہو نہ تجھسا ہو کریم
	رباعی	
اگاہ ہین خوب اپنی اصالت سے ہم		اک خاک کی مٹی پہ یہ الطاف و کرم
امید نہ کیونکر ہو جو تو یہ فرمائے		این بندۂ خاک را نہ بخشم چکنم
	رباعی	
یارب تری وہ فیض رسان ہو درگاہ		پھرتا نہین محروم کوئی حاجت خواہ
غیر وسے کرون سوال تیرے ہوتے		لاحول ولا قوۃ الا باللہ
	رباعی	
مالک کی خوشی کا نہ کوئی کام کیا		جو کام کیا قابل الزام کیا

رباعی

[illegible]

رباعی

یارب مری ... فریاد ... از لطف و عنایت ... امداد ...

من عاجز و بیکس و ذلیل و خوارم ... داد رس خلق بدہ داد مرا

رباعی

دل از تو چه گویم که چه خواهد ‌‌‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ز منصب و شاہی نه لوا میخواهد
پر ولئے دگر ہیچ ندارد الا ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ از تو دل مشتاق ترا میخواهد

رباعی

چون من نشوم گرم ثنائے احمد ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ کس نیست شفیعم سوائے احمد
بپیند بروز حشر انشاء اللہ ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ باشم تہِ دامان لوائے احمد

رباعی

در شہر مدینه چو بود مسکن ما ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ زین به جہان نیست دگر مامن ما
دانیم که یابیم مراد کونین ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ گر قرب در پاک شود مدفن ما

رباعی

ای پادشه ملک قناعت مددے ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ئے خسرو اقلیم کرامت مددے
بر درگه تو بپائے لنگ آمده ام ‌ ‌ ‌ ‌ ‌ اے شیر نستان ولایت مددے

تمام شد

تقریظ مطبوعہ سابق رنجیتہ قلم اعجاز نگار منشی غلام محمد خانصاحب سابق اڈیٹر اودھ اخبار

حسن پرستان سخن کو صلا اور یاران فن کو مژدہ ہو کہ پرستان معنی کی پری آئی ہو جو صورت پرستان زمان بلکہ اہل پرستان کو شرماتی ہو حسن وجمال سے پریرویون کے ہوش بھلاتی ہو صورت پرستون سے کہو کہ صورت پرستی چھوڑین معنی آشنا بنین معاشرون سے کہو کہ بادہ مستی چھوڑین پارسا بنین ذوق صبوحی سرتاسر گمراہی اور کدورت کی نشانی ہو حلاوت روحی شوق معانی ہو جس سے عقل کو افزایش فہم کو گنجایش ہوش کو درستی حواس کو چستی ناتوان کو توانائی ناشکیب کو شکیبائی حصول ہوتی ہو کیفیت شراب طبائع رندان بدمشرب کو قبول ہوتی ہو صافی طینت پاک طبیعتون کے لیے دختر رز حرام ہو الحمد للہ کہ مین مسلمان ہون مجکو تقلید شاعری منظور نہین پاس اسلام ہو ہان یہ ہو سکتا ہو کہ شراب طہور کا ایک جام اور ۹۹ حوران خلد کا پیام سنون تو اُسکے خیال سے ہی بے بادہ مست ہو جاؤن اور پھر کچھ تر بات فرماؤن لاحول ولاقوۃ اے ہرزہ درایہ کیا ہرزہ درائی ہو گیا تو لے یہ خوشخبری نہین پائی کہ حضرت یار السلطان آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علی خان بہادر شمس جنگ عرف خواجہ اسد المتخلص بہ **قلق** کا دیوان چھپا ہو اور اُس سے یہ سب مدعا حاصل ہوتا ہو کیجیے اب تو ہم بے پر اُڑے جاتے ہین اور اقلیم سخن مین پہونچکر وہان کی سیر اور مشاہدون کا مشاہدہ کر آتے ہین ارے میان کیا کہتے ہو چپ نہین رہتے ہو یہان آؤ ہم بتلائین اور کلید امید وصال جاوید کی نوید سنائین سنو بینو سوا و شہر لطافت بہر لکھنؤ مین ایک مقام حضرت گنج ہو اُسمین ایک مطبع غمگینو نکا غم غلط کرنیوالا اور دافع رنج ہو اور اگر وہان جاؤ گے ضرور نا ظور د مراد پاؤ گے یہ سُنکر مجکو ہوش آیا اور اپنے تئین بجبت آگین مسرت قرین پایا دیکھتا کیا ہون

گو میز پر مجلد دیوان قلق موجود ہو اور رنج و قلق مفقود ہو از بسکہ ایک مدت دراز سے ذوق

کو انتہا شوق کو ابتدا تھی بیتابی دل حد سے سوا تھی آرزو کا روز گلا گھنتا تھا تمنا کا ہمیشہ

خون ہوتا تھا دیکھتے ہی جان مین جان آئی خواہش قلبی نے شکل مراد دکھلائی دیدۂ دل

نے نور و سرور پایا روح پر فتوح نے لطف تازہ اُٹھایا ع اینکہ مے بینم بہ بیداریست

یا رب یا بخواب + اُس وقت حالت وجدانی مین یہ حسب حال مصرع یاد آیا ع یار در

خانہ و من گرد جہان می گردم + اوڈیٹر صاحب آپ نے تو بڑی لمبی چوڑی تقریر توصیف

کی اور کلام قلق کی کمال تعریف کی مگر آپ کیا سمجھے کہ اسمین کیا ہی اور اُسکا ہر شعر کس

رتبہ کا ہی ہان تا کہ آپ وقائع نگاری مین ہوشیار با منتخب روزگار ہین مگر یہ کیونکر تسلیم کرین کہ

دہان آوری مین بھی کامل العیار ہین ہان بعض بعض شخصون سے سُنتے ہین کہ آپ بھی

۲ کبھی اس دریا مین غواصی کر چکے ہین دامن خیال گوہر مقصود سے بھر چکے ہین مگر تارک لذات

کے لیے کیا مزا مثل مشہور ہی کہ سادھون کو کیا سواد۔ اسی قیاس پر ہم کہتے ہین کہ افسردہ

دلون کی کیا داد بقول ذوق ع افسردہ دل کے واسطے کیا چاندنی کا لطف + ہان صاحب

یہ سب سچ ہی ہم اس گوہر شاہوار کی قدر کو نہین پہچان سکتے ہرگز نہین جان سکتے اسیو اسطے

کچھ بھی اسکی تعریف مین توغل نہین ہوا اگر تو رخانہ خیالات درائی مین بلاشک تامل نہین

ہوا گویا یہ تقریظ سب تقریظون سے نرالی ہی خوبی شعر اور صفات شاعر کا اظہار اسلیے فضول

متصور ہوا کہ اُنکی ذات اس سے مستغنی اور کمال فن سے پاگاہ عالی ہی منصف مزاج جب

پڑھینگے خود دیکھ لینگے کہ یہ گرامی منش ستودہ روش کیسا کیسا روشن بیان سحر زبان

نازک خیال شیرین مقال اور با کمال ہی اہل لکھنؤ تو اُن کی قابلیت کے پہلے ہی سے

قائل ہین اسمین کیا قیل و قال ہی البتہ اخلاق خاص اور فیض عام جناب منشی نولکشور صاحب

والا مقام نیکنام قابل ستایش ہی کہ اُن کے مطبع نے ایسی کتاب چھاپی اور شتاب چھاپی یا الٰہی جب تک نطق و سخن رہے اور امتیاز لطف نو و کہن رہے تا عروسان چمن معنی کا جوبن بصد تمکین و ناز اور کمال کلام کا اعجاز رہے یہ مطبع دنیا مین نیک نام و سرفراز رہے اور اخبار مضامین عالی سے شاخ سدرہ تک بلند پرواز رہے یا خدا مقبول این گفتار باد ✤ تا جہان باشد اودھ اخبار باد ✤

قطعۂ خاتمہ دیوان قلق مطبوعۂ سابق ریختہ قلم جواہر رقم محمد انوار حسین تسلیم سہسوانی

قلق کو لکھو نمین خدائے سخن — نہ ٹھہرا اسین گر شرع والے گناہ
زمین سخن اسقدر ہی بلند — کہ سیر فلک کی نہ پہونچے نگاہ
جو مصرع ہی اُڑتا ہوا ہی پری — پرستان کا دیوان پہ ہی اشتباہ
ہر ایک صفحہ محسود باغ و بہار — صریر قلم کبک کا قاہ قاہ
کرے کوئی اس سے نہ فرعونیان — وہ موسیٰ ہی خامہ ہی مار سیاہ
چھپا اُسکا دیوان ولے ایسا صاف — کہین دیکھکر جسکو سب واہ واہ
یہ مطبع کے صاحب کا ہی فیض عام — کہ ہی خاص وہ لطف فضل آلہ
وہ ہی بحر مواج فیض و کرم — اسیر اسمندرون کے ہین لے آب چاہ
مرا قول ہی مثل اُسکے کبھی — ہوا ہی نہو گا کوئی خانہ خواہ
تما گستری اُسکی ہان وہ کرے — کہ ہو علم کی جسکو کچھ دستگاہ
ہر اک اُسکا شاعر ہی شہری مکان — ہر اک اُسکا منشی عطارد پناہ
ہمیشہ تہ دلسے منظور ہی — ندیم و ملازم کی اُسکو رفاہ
خدیو جہانگیر انجم سپاہ — ترے آستانے پہ ہون دادخواہ

وہ ہی مہر اوج سپہر کلام — وہ اقلیم معنی کا ہی بادشاہ
بلا کے ہین مضمون چمکتے ہوے — ہر اک نقطہ ہی غیرت مہر و ماہ
وہ باریک معنی ہین نام خدا — کہ عاجز ہی دریافت سے انتباہ
مگر غوطے کھائیگا غواص فکر — بجز غزل کی نہ پائیگا تھاہ
عدو گر سُنے شعر ہو دل مین درد — کہے واہ وا کی جگہ آہ آہ
نہ ہوتے اگر نقطے اُبھرے ہوے — نہ زنہار کاغذ پہ جمتی نگاہ
وہ ہی مالک ملک دانشوری — وہ ہی شاہ اقلیم توقیر و جاہ
کرم مین عنایت مین اخلاق مین — وہ مشہور ہی ہند سے تا فراہ
سمجھتے ہین سر ہیچ راجی اُسے — جگہ سر پہ دیتے ہین صاحب کلاہ
نہ مجھسا کہ جو جانتا ایک ہو — حساب عدو سے سپید و سیاہ
اُسے باکمی اپنے ہیچ ہر طرح — اُسے حمد کا اپنے کرنا نباہ
پڑھون ایک مطلع دعا مین شتاب — دعا سے مری ہی اجابت کی راہ
رہے جبتلک چہرۂ کاہ زرد — رہے جبتلک سبز برگ گیاہ

زمین پر رہے آسمان جبتلک	رہے جبتلک رتبے معنی کو راہ	سلامت رہے تو قیامت تلک	رہے گرم بخشش تری بارگاہ
رہے روز و شب یہ چرخ غفیر	رہے بخشش و جود شام و پگاہ	ہوئے دوست تیرا خوش و شادمند	رہے تیرا دشمن خراب و تباہ
تری بزم عشرت مین ناظر ہو شمس	رہے نیر ہر محفل مین سرگرم راہ	ہر چھین بوز اتنے تری عمر کے	گھٹین جتنے حساد کے سال و ماہ
جو بدخواہ ہو تیرا اُسکے کبھی	نہو کفش پا مین نہ سر پر کلاہ	ہوا طبع دیوان منہ جون مین	کہ مضمون فتنۂ نیستان ہو گواہ
لکھا حالیہ شعر تاریخ مین	جو تسلیم سال عرب کی تھی چاہ	قلق کے سخن کا لکھون وصف وہ	سخن سنج سنکر کہے جسکو واہ ۱۲۹۶ھ

قطعہ تاریخ مطبوعہ سابق تصنیف مولوی محمد فصیح اللہ تخلص وفا شاگرد میر وزیر علی صبا

گشت چو مطبوع کلام قلق	زیب و ہر انچہ کنم وصف او	کرد وفا از پے سالش رقم	شاعر مشہور بگلبام بگو ۱۲۹۵ھ

خاتمۃ الطبع از کارپردازان مطبع

الحمد للہ علی احسانہ کہ یہ دیوان نادرۂ زمان تصنیف جناب آفتاب الدولہ خواجہ ارشد علیخان صاحب بہادر متخلص بہ قلق مطبع منشی نولکشور کانپور مین بہ سرپرستی رائے بہادر جناب معلی القاب منشی پراگ نراین صاحب مالک مطبع ہذا دام اقبالہ باہتمام کامل منشی بھگوندیال صاحب عاقل ایجنٹ بماہ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ع چوتھی مرتبہ چھپکر کحل البصر چشم ناظرین ہوا

تاریخ طبع از مورخ کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ مطبع

جو دیوان قلق مطبوع گردید	کہ وہ مہ داد حسن خوبیش داد	پے تاریخ سال ہجری او	رقم زد کلک عاقل - نظم دلشاد ۱۳۲۹ھ

تاریخ طبع از اسوۂ سخنوران مولانا محمد حامد علیخان حامد شاہ آبادی محافظ عملۂ تصحیح

کلام قلق شد چو مطبوع ایدون	بصد حسن و خوبی بصد زیب و تزئین	دم طبع و سال تاریخ ہجری	رقم کرد حامد - جہا نظم رنگین ۱۳۲۹ھ

ایضاً

ہر کہ دیوان قلق دید بگفت از انصاف	ہست سرتا بقدم نظم قلق دلچسپے
خامۂ حامد وا رفتہ بسال ہجری	کرد فی الفور رقم - نظم قلق دلچسپے ۱۳۲۹ھ